# مختصر قدروی

معروضی، مختصر سوال جواب

استاد محترم: مولانا اکرام عطاری مدنی

جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ اوکاڑہ

نام مع ولدیت:_____________________________ درجہ:_______________

# معروضی سوالات

☆: درست جوابات کی نشاندہی کیجئے۔

**1**: نکاح کا لغوی معنی ہے؟

(الف): ملانا (ب): اٹھانا (ج): اتارنا (د): باقی رکھنا

**2**: نکاح منعقد ہوتا ہے؟

(الف): دو الفاظ سے (ب): تین الفاظ سے (ج): ایک لفظ سے (د): کوئی بھی نہیں

**3**: نکاح منعقد ہوتا ہے؟

(الف): مسلمانوں کی گواہی سے (ب): مجوسیوں کی گواہی سے (ج): نصرانیوں کی گواہی سے (د): یہودیوں کی گواہی سے

**4**: نکاح حلال نہیں ہے۔

(الف): ماں سے (ب): بیٹی سے (ج): پوتی سے (د): ان تمام سے

**5**: شوہر پر اس کی بیوی کی والدہ حرام ہو جاتی ہے؟

(الف): نکاح کے بعد (ب): شب زفاف کے بعد (ج): دخول کے بعد (د): ان میں سے کوئی بھی نہیں

**6**: اپنی بیوی کی وہ بیٹی جو پہلے شوہر سے ہو وہ حرام ہو جاتی ہے؟

(الف): نکاح کے بعد (ب): رخصتی کے بعد (ج): دخول کے بعد (د): ان میں سے کوئی بھی نہیں

**7**: ایک نکاح میں جمع نہیں کر سکتے۔

(الف): دو بہنوں کو (ب): پھوپھی بھتیجی کو (ج): خالہ بھانجی کو (د): یہ تمام

**8**: اپنی بیوی کی وہ سوتیلی بیٹی جو اس بیوی کے پہلے شوہر کی پہلی بیوی سے ہے، تو اس کو اپنی بیوی کے ساتھ جمع کرنا۔

(الف): حرام ہے (ب): جائز ہے (ج): ناجائز ہے (د): کوئی بھی نہیں

**9**: کسی عورت سے زنا کیا تو حرام ہو جاتی ہے؟

(الف): اس کی ماں (ب): اس کی بیٹی (ج): اس کی دادی (د): یہ تمام

**10**: شوہر نے اپنی بیوی کو طلاق بائنہ دی تو اس کی بہن سے شادی کر سکتا ہے؟

(الف): عدت کے شروع ہوتے ہی (ب): عدت کے پورا ہونے کے بعد (ج): عدت کے دوران (د): کوئی بھی نہیں

**11**: نکاح کرنا جائز نہیں ہے؟

(الف): مجوسیہ سے (ب): وثنیہ سے (ج): مجوسیہ اور وثنیہ دونوں سے (د): کوئی بھی نہیں

**12**: احرام والے کا حالت احرام میں نکاح ہے؟

(الف): جائز (ب): ناجائز (ج): حرام (د): کوئی بھی نہیں

**13**: باکرہ کی اجازت ہوتی ہے؟

(الف): خاموش رہنے سے (ب): مسکرانے سے (ج): بغیر آواز کے رونے سے (د): یہ تمام

**14**: جس کا پردہ بکارت زائل ہوا زنا سے وہ باکرہ کے حکم میں ہے؟

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): صاحبین کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): کوئی بھی نہیں

**15**: نکاح کے معاملے میں قسم نہیں طلب کی جاتی، یہ مؤقف ہے؟

(الف): امام اعظم کا (ب): صاحبین کا (ج): امام زفر کا (د): کوئی بھی نہیں

**16**: نکاح منعقد ہوتا ہے؟

(الف): لفظ نکاح سے (ب): لفظ ترویج سے (ج): لفظ تملیک سے (د): یہ تمام

**17**: نابالغ بچے کا نکاح اگر ولی کروائے تو یہ۔۔۔۔

(الف): جائز ہے (ب): ناجائز ہے (ج): حرام ہے (د): کوئی بھی نہیں

**18**: مسلمان عورت پر ولایت حاصل نہیں ہوتی۔۔۔

(الف): غلام کو (ب): نابالغ بچے کو (ج): کافر کو (د): یہ تمام

**19**: غیبت منقطعہ وہ شہر جہاں قافلے جاتے ہیں؟

(الف): سال میں صرف ایک بار (ب): سال میں کئی بار (ج): سال میں پانچ بار (د): کوئی بھی نہیں

**20**: کفو کا اعتبار ہے؟

(الف): نکاح میں (ب): طلاق میں (ج): بیع میں (د): اجارہ میں

**21**: کفو معتبر ہے؟

(الف): نسب میں (ب): دین میں (ج): مال میں (د): یہ تمام

محب مدینہ فیضان مدینہ محبوب ٹاؤن اوکاڑہ

22: جب عورت نے اپنی مرضی سے نکاح کیا مہر مثلی سے کم مہر پر تو عورت پر اولیاء اعتراض کر سکتے ہیں، یہ مؤقف ہے؟

(الف): امام اعظم کا (ب): صاحبین کا (ج): امام زفر کا (د): کوئی بھی نہیں

23: نابالغ بچی کے مہر میں مہر مثلی سے بھی کم کرنا جائز ہے؟

(الف): باپ کے لئے (ب): دادا کے لئے (ج): بھائی کے لئے (د): باپ اور دادا دونوں کے لئے

24: نکاح درست ہے جب مہر ہو۔۔۔۔۔

(الف): مسمیٰ (ب): غیر مسمیٰ (ج): مسمیٰ غیر مسمیٰ دونوں (د): کوئی بھی نہیں

25: مہر کی کم از کم مقدار ہے؟

(الف): دس درہم (ب): پچاس درہم (ج): سو درہم (د): اڑھائی سو درہم

26: دخول اور خلوت صحیحہ سے قبل طلاق دی تو مہر ہو گا؟

(الف): مکمل (ب): ثلث (ج): سدس (د): نصف

27: متعہ میں کپڑے ہیں؟

(الف): دو (ب): تین (ج): چار (د): پانچ

28: جب ایسی خلوت صحیحہ ہو کہ وطی سے کوئی چیز مانع نہ ہو تو مہر ہو گا؟

(الف): مکمل (ب): ثلث (ج): سدس (د): نصف

29: مجبوب نے خلوت صحیحہ کی تو عورت کے لئے پورا مہر ہو گا؟

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): امام محمد کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): ابو یوسف کے نزدیک

30: وطی سے مانع اشیاء ہیں؟

(الف): روزہ دار ہونا (ب): حج کا احرام باندھے ہونا (ج): عمرہ کا احرام باندھے ہونا (د): یہ تمام

31: مجنونہ عورت میں جب باپ بیٹا جمع ہو جائیں، تو امام محمد کے نزدیک اس کا ولی ہے؟

(الف): باپ (ب): بیٹا (ج): باپ بیٹا دونوں (د): کوئی بھی نہیں

32: جب غلام نے نکاح کیا، تو مہر اس پر ہو گا؟

(الف): قرض (ب): اجرت (ج): رہن (د): کوئی بھی نہیں

**33**:لونڈی کو اس کے شوہر کے سپرد کرنا وطی کرنے لئے آقا پر ہے؟

(الف):لازم (ب):فرض (ج):غیر لازم (د):کوئی بھی نہیں

**34**:مہر مثلی ہوتا ہے، جب مہر میں بیان کیا ہو۔۔۔۔

(الف):غیر موصوف حیوان (ب):غیر موصوف کپڑا (ج):موصوف حیوان (د):کوئی بھی نہیں

**35**:نکاح باطل ہوتا ہے؟

(الف):نکاح متعہ (ب):نکاح مؤقت (ج):متعہ مؤقت دونوں (د): کوئی بھی نہیں

**36**:مولیٰ کی اجازت پر نکاح موقوف ہے۔

(الف):غلام کا (ب):لونڈی کا (ج):غلام لونڈی دونوں کا (د):کوئی بھی نہیں

**37**:اگر ولی مہر کا ضامن ہوا، تو عورت مطالبہ کر سکتی ہے۔

(الف):ولی سے (ب):شوہر سے (ج):ولی شوہر کسی سے بھی (د):کوئی بھی نہیں

**38**:نکاح فاسد میں اگر جدائی ہوئی تو مہر لازم نہیں۔

(الف):دخول سے قبل (ب):خلوت کے بعد (ج):دخول کے بعد (د):ایک اور دو دونوں

**39**:مہر مثلی میں عورتوں کا برابر ہونا ضروری ہے۔

(الف):عمر میں (ب):جمال میں (ج):مال میں (د):یہ تمام

**40**:آزاد مرد نکاح کر سکتا ہے۔

(الف):دو سے (ب):تین سے (ج):چار سے (د):پانچ سے

**41**:اگر عورت میں عیب ہو تو شوہر کو حاصل ہے۔

(الف):اختیار ہے (ب):اختیار نہیں ہے (ج):ان میں سے کوئی بھی نہیں (د):پہلے دونوں

**42**:جب شوہر کو برص ہو تو بیوی کو اختیار ہے، یہ مؤقف ہے۔

(الف):امام اعظم کا (ب):امام محمد کا (ج):امام یوسف کا (د):امام زفر کا

**43**:عنین کو حاکم مدت دے گا۔

(الف):ایک سال کی (ب):دو سال کی (ج):تین سال کی (د):چار سال کی

Scanned with CamScanner

**44:** قاضی زوجین میں فرقت کرے گا، فوراجب شوہر ہو۔

(الف): عنین (ب): مجبوب (ج): خصی (د): کوئی بھی نہیں

**45:** عورت نے اسلام قبول کیا اور شوہر نے انکار کیا، تو ان دونوں کے درمیان فرقت بغیر طلاق کے ہے۔۔۔

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): امام محمد کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): ابویوسف کے نزدیک

**46:** کس کا شوہر اسلام قبول کرلے پھر وہ دونوں اپنے نکاح پر رہتے ہیں۔

(الف): مجوسیہ کا (ب): وثنیہ کا (ج): کتابیہ کا (د): کوئی بھی نہیں

**47:** اگر شوہر مرتد ہوا، اور اس نے بیوی سے دخول کیا تھا، تو مہر ہو گا۔

(الف): مکمل (ب): نصف (ج): ثلث (د): ربع

**48:** زوجین میں سے کون قیدی بنے تو طلاق بائنہ نہیں ہوتی۔

(الف): شوہر (ب): بیوی (ج): شوہر بیوی اکٹھے (د): کوئی بھی نہیں

**49:** جب زوجین مرتد ہوئے تو کون اسلام لائے، تو اپنے نکاح پر رہیں گے۔

(الف): شوہر (ب): بیوی (ج): شوہر بیوی اکٹھے (د): کوئی بھی نہیں

**50:** مرتد کا نکاح جائز نہیں ہے؟

(الف): مسلمہ سے (ب): مرتدہ سے (ج): کافرہ سے (د): ان تمام کا

**51:** والدین میں سے ایک کتابی اور دوسرا مجوسی ہو تو ان کا بچہ ہو گا؟

(الف): مجوسی (ب): کتابی (ج): وثنی (د): کوئی بھی نہیں

**52:** کسی کے نکاح میں آزاد اور لونڈی ہوں، تو باری میں سے لونڈی کا حصہ ہے؟

(الف): ثلث (ب): ربع (ج): خمس (د): سدس

**53:** بیویوں میں سے سفر کے لئے قرعہ ڈالنا ہے؟

(الف): فرض (ب): واجب (ج): اولی (د): ناجائز

**54:** چھاتی سے دودھ چوسنا لغوی معنی ہے؟

(الف): طلاق کا (ب): نکاح کا (ج): رضاعت کا (د): رجعت کا

**55**: تیس ماہ مدت رضاعت ہے؟

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): امام محمد کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): ابو یوسف کے نزدیک

**56**:رضائی بہن کی رضائی ماں سے نکاح کرنا ہے؟

(الف): جائز (ب):ناجائز (ج):حرام (د):فاسد

**57**:صاحبین کے نزدیک مدت رضاعت ہے؟

(الف): تیس ماہ (ب): پچیس ماہ (ج):چوبیس ماہ (د): بیس ماہ

**58**:نصب کے رشتوں کی طرح رضائی رشتے ہوتے ہیں؟

(الف): فاسد (ب):ناجائز (ج):حرام (د):کوئی بھی نہیں

**59**:تحریم متعلق ہوتی ہے؟

(الف):نر کے دودھ سے (ب):مادہ کے دودھ سے (ج): بکری کے دودھ سے (د):کوئی بھی نہیں

**60**:رضائی بیٹی سے نکاح کرنا ہے؟

(الف):ناجائز (ب):مکروہ (ج):حرام (د):جائز

**61**:رضائی پھوپھی سے نکاح کرنا ہے؟

(الف):ناجائز (ب):مکروہ (ج):مباح (د):حرام

**62**: کھانا اور دودھ ملا، تو اگرچہ دودھ زیادہ ہو حرمت متعلق نہیں ہو گی؟

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): امام محمد کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): ابو یوسف کے نزدیک

**63**:پانی اور دودھ ملے تو حرمت ثابت ہو گی؟

(الف):دودھ غالب ہو (ب):پانی غالب ہو (ج):دودھ پانی برابر ہوں (د):کوئی بھی نہیں

**64**:جب دو عورتوں کے دودھ ملے، تو دونوں حرام ہوں گی۔

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): امام محمد کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): ابو یوسف کے نزدیک

**65**:رضاعت میں گواہی قبول نہیں کی جاتی؟

(الف):صرت عورتوں کی (ب):دو مردوں کی (ج):ایک مرد اور دو عورتوں کی (د):کوئی بھی نہیں

66: کس کا دودھ پینے سے رضاعت ثابت نہیں ہوتی؟

(الف): آدمی کا (ب): کنواری کا (ج): شادی شدہ کا (د): کوئی بھی نہیں

67: طلاق کے لغوی معنی ہیں؟

(الف): گرہ لگانا (ب): گرہ کھولنا (ج): عقد باقی رکھنا (د): کوئی بھی نہیں

68: طلاق کی اقسام ہیں؟

(الف): دو (ب): تین (ج): چار (د): پانچ

69: طلاق بدعت ہے کہ بندہ تین طلاقیں دے۔

(الف): ایک کلمے سے (ب): ایک طہر میں (ج): پہلے دونوں (د): کوئی بھی نہیں

70: طلاق سنت کی اقسام ہیں؟

(الف): دو (ب): تین (ج): چار (د): پانچ

71: سنت وقت ثابت ہوتی ہے؟

(الف): مدخول بہا کے حق میں (ب): غیر مدخول بہا کے حق میں (ج): مدخول اور غیر مدخول بہا دونوں (د): کوئی بھی نہیں

72: غیر مدخول بہا کو طلاق دے سکتے ہیں؟

(الف): طہر میں (ب): حیض میں (ج): طہر حیض دونوں میں (د): کوئی بھی نہیں

73: طلاق واقع ہوتی ہے؟

(الف): عاقل کی (ب): بالغ کی (ج): عاقل بالغ دونوں کی (د): کوئی بھی نہیں

74: طلاق کی اقسام میں سے صریح کے الفاظ ہیں؟

(الف): انت طالق (ب): طلقتک (ج): انت مطلقة (د): یہ تمام

75: طلاق رجعی واقع ہوتی ہے؟

(الف): صریح الفاظ سے (ب): کنایہ الفاظ سے (ج): صریح و کنایہ دونوں الفاظ سے (د): کوئی بھی نہیں

76: کنایہ الفاظ سے طلاق واقع ہوتی ہے؟

(الف): جب نیت ہو (ب): جب دلالت حال ہو (ج): نیت اور دلالت حال دونوں (د): کوئی بھی نہیں

77: کنایہ کے کن الفاظ سے طلاق رجعی واقع ہوتی ہے؟

(الف):اعتدی (ب):استبرئی رحمک (ج):انت واحدہ (د): یہ تمام

78: کن الفاظ سے طلاق بائنہ ہوتی ہے؟

(الف): صریح الفاظ سے (ب): کنایہ الفاظ سے (ج): صریح و کنایہ دونوں الفاظ سے (د): کوئی بھی نہیں

79: کنایہ الفاظ ہیں؟

(الف):بتة و بلتة (ب):خلية (ج):برية (د): یہ تمام

80: گالی دینے والے الفاظ سے طلاق واقع ہوتی ہے؟

(الف): جب مذاکرہ طلاق ہو (ب): جب طلاق کی نیت ہو (ج): جب دلالت حال ہو (د): کوئی بھی نہیں

81: کنایہ الفاظ سے طلاق واقع ہوتی ہے؟

(الف): رجعی (ب): بائنہ (ج): رجعی بائنہ دونوں (د): کوئی بھی نہیں

82: طلاق واقع ہوتی ہے؟

(الف):رقبتک طالق (ب):عنقک طالق (ج):روحک طالق (د): یہ تمام

83: طلاق واقع نہیں ہوتی؟

(الف):نصفک طالق سے (ب):ثلثک طالق سے (ج):یدک طالق سے (د): یہ تمام

84: طلاق واقع ہو جاتی ہے؟

(الف): مجبور کی (ب): سکران کی (ج): مجبور و سکران دونوں کی (د): کوئی بھی نہیں

85: طلاق کو شرط پر معلق کیا تو طلاق کب واقع ہو گی؟

(الف): دو سال بعد (ب): ایک سال بعد (ج): شرط کے بعد (د): کوئی بھی نہیں

86: الفاظ شرط ہیں؟

(الف):اذا (ب):اذا ما (ج):کل (د): یہ تمام

87: کس لفظ شرط میں طلاق مکرر ہو گی؟

(الف):اذا (ب):اذا ما (ج):کل (د):کلما

88:طلاق کے متعلق شرط کے وجود میں اختلاف ہو تو، قول معتبر ہے؟

(الف): شوہر کا (ب): بیوی کا (ج): دونوں کا (د): کوئی بھی نہیں

89:وہ افعال جن کی معلومات عورتوں سے ہو، اس میں قول معتبر ہے؟

(الف): شوہر کا (ب): بیوی کا (ج): دونوں کا (د): کوئی بھی نہیں

90:جب کہا اذا حضت حیضۃ فانت طالق تو طلاق واقع ہو گی۔

(الف): حیض کے شروع میں (ب): حیض کے بعد (ج): حیض کے دوران (د): کوئی بھی نہیں

91:لونڈی کے لئے طلاقیں ہیں؟

(الف): دو (ب): تین (ج): چار (د): ایک

92: آزاد عورت کے حق میں طلاقیں ہیں؟

(الف): دو (ب): تین (ج): چار (د): ایک

93:لونڈی کی عدت ہے؟

(الف): دو حیض (ب): تین حیض (ج): دو طہر (د): تین طہر

94:انت طالق واحدۃ وواحدۃ سے ایک طلاق واقع ہوتی ہے؟

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): امام محمد کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): ابو یوسف کے نزدیک

95:انت طالق غدا کہا تو طلاق واقع ہو گی؟

(الف): فجر صادق کے وقت (ب): فجر کاذب کے وقت (ج): فجر ثانی کے وقت (د): کوئی بھی نہیں

96:اگر عورت کو طلاق کا اختیار دیا تو لفظ طلاق ذکر کرنا ضروری ہے؟

(الف): شوہر کا (ب): بیوی کا (ج): دونوں کا (د): کوئی بھی نہیں

97:انت طالق ان تحبنی او تبضضینی میں طلاق واقع ہو گی۔

(الف): محبت کے وقت (ب): بغض کے وقت (ج): محبت اور بغض میں سے کوئی ایک (د): کوئی بھی نہیں

98:انت طالق ان شاء اللہ سے متصل کیا تو۔۔۔

(الف): طلاق واقع ہو گی (ب): طلاق واقع نہیں ہو گی (ج): دو طلاقیں ہوں گی (د): کوئی بھی نہیں

**99**:لوٹنا لغوی معنی ہے؟

(الف):طلاق کا (ب):خلع کا (ج):ظہار کا (د):رجعت کا

**100**:رجوع ہوتا ہے؟

(الف):عدت میں (ب):عدت کے بعد (ج):دونوں ہی (د):کوئی بھی نہیں

**101**:رجوع واقع ہوتا ہے؟

(الف):وطی سے (ب):چھونے سے (ج):بوسے لینے سے (د):یہ تمام

**102**:رجوع میں کتنے گواہ مستحب ہیں؟

(الف):دو (ب):تین (ج):چار (د):ایک

**103**:اگر شوہر نے رجوع کا دعوی کیا تو قول معتبر ہے؟

(الف):شوہر کا (ب):بیوی کا (ج):دونوں کا (د):کوئی بھی نہیں

**104**:لونڈی کے متعلق رجوع میں قول معتبر ہے؟

(الف):آقا کا (ب):شوہر کا (ج):لونڈی کا (د):کوئی بھی نہیں

**105**:رجعت منقطع نہیں ہوتی؟

(الف):اگر عضو کامل نہ دھلا (ب):اگر غسل کیا (ج):عدت پوری ہوگئی (د):کوئی بھی نہیں

**106**:طلاق رجعی والی عورت کے لئے ہے؟

(الف):چہرہ سجانا (ب):مزین ہونا (ج):یہ دونوں (د):کوئی بھی نہیں

**107**:حلالہ ثابت ہوتا ہے؟

(الف):بالغ سے (ب):مراہق سے (ج):یہ دونوں (د):کوئی بھی نہیں

**108**:حلالہ کی شرط پر نکاح ہے؟

(الف):باطل (ب):فاسد (ج):مکروہ (د):حرام

**109**:حلالہ طلاقوں کے نئے حق کو ثابت کرتا ہے، یہ مؤقف ہے؟

(الف):طرفین کا (ب):وسطین کا (ج):صاحبین کا (د):امام اعظم کا

**110**:ایلاء کا لغوی معنی ہے؟

(الف):قسم کھانا (ب):توڑنا (ج): ختم کرنا(د):مارنا

**111**:واللہ لا اقربک یہ قسم محمول ہے؟

(الف):چار ماہ پر (ب):سال پر (ج):دو سال پر(د):ساری زندگی پر

**112**:چار ماہ سے کم کی قسم کھائی تو۔۔۔

(الف):یہ ایلاء ہے (ب):یہ ایلاء نہیں ہے (ج):خلع ہے(د):کوئی بھی نہیں

**113**:۔۔۔۔۔کی قسم کھائی تو ایلاء ہے؟

(الف):حج کی (ب):صوم کی (ج):صدقہ کی(د):یہ تمام

**114**:طلاق رجعی والی عورت سے ایلاء کرنا ہے؟

(الف):جائز (ب):ناجائز (ج):حرام(د):باطل

**115**:جو جماع پر قادر نہ ہو تو اس کا رجوع ہے؟

(الف):قولاً (ب):فعلاً (ج):قولاً، فعلاً دونوں(د):کوئی بھی نہیں

**116**:انت علی حرام کے ذریعے ایلاء ہوتا ہے۔

(الف):جھوٹ کی نیت ہو (ب):طلاق کی نیت ہو (ج):ظہار کی نیت ہو(د):تحریم کی نیت ہو

**117**:اتارنا لغوی معنی ہے؟

(الف):نکاح کا (ب):خلع کا (ج):طلاق کا(د):ایلاء کا

**118**:خلع میں فدیہ لازم ہوتا ہے؟

(الف):شوہر پر (ب):بیوی پر (ج):بیٹے پر(د):کوئی بھی نہیں

**119**:نافرمانی مرد کی طرف سے ہو تو شوہر کے لئے پیسے لینا ہے۔

(الف):جائز (ب):واجب (ج):مستحب(د):مکروہ

**120**:اگر طلاق میں عوض باطل ہو تو طلاق ہو گی۔

(الف):رجعی (ب):بائنہ (ج):مغلیظہ(د):کوئی بھی نہیں

**121**:اگر خلع میں عوض باطل ہو تو طلاق ہو گی۔

(الف):رجعی (ب):بائنہ (ج):مغلیظہ (د):کوئی بھی نہیں

**122**:عورت نے کہاطلقنی ثلثاً علی الفٍ شوہر نے ایک طلاق دی تو کچھ لازم نہیں۔۔۔

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): امام محمد کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): ابو یوسف کے نزدیک

**123**:مبارہ کس کی طرح ہے؟

(الف):طلاق کی طرح (ب):ایلاء کی طرح (ج):خلع کی طرح (د):نکاح کی طرح

**124**:امام اعظم کے نزدیک زوجین کے باہمی حقوق ساقط کرتا ہے۔

(الف):مبارہ (ب):خلع (ج):مبارہ، خلع دونوں (د):کوئی بھی نہیں

**125**:خلع حق زوجین کو ساقط نہیں کرتا۔

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): امام محمد کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): ابو یوسف کے نزدیک

**126**:پیٹھ لغوی معنی ہے؟

(الف):خلع کا (ب):ظہار کا (ج):ایلاء کا (د):قسامت کا

**127**:ظہار کے کفارے سے قبل جائز نہیں ہے۔

(الف):وطی کرنا (ب):چھونا (ج):بوسہ لینا (د):یہ تمام

**128**:ظہار ہوتا ہے جب شوہر بیوی کو تشبیہ دے۔

(الف):ماں کی ران سے (ب):ماں کی فرج سے (ج):ماں کے پیٹ سے (د):یہ تمام

**129**:انت علی مثل امی سے ظہار ہوتا ہے؟

(الف):جب طلاق کی نیت ہو (ب):جب تعظیم کی نیت ہو (ج):جب ظہار کی نیت ہو (د):جب ایلاء کی نیت ہو

**130**:ظہار ہوتا ہے؟

(الف):اپنی بیوی سے (ب):اپنی لونڈی سے (ج):اپنی ام ولد سے (د):اپنی مکاتبہ سے

**131**:ظہار کا کفارہ ہے؟

(الف):ایک غلام آزاد کرنا (ب):دو غلام آزاد کرنا (ج):تین غلام آزاد کرنا (د):چار غلام آزاد کرنا

**132**: ظہار کے کفارہ میں کافی ہے؟

(الف): مسلمان غلام (ب): کافر غلام (ج): غلام صغیر (د): یہ تمام

**133**: ظہار کے کفارے میں نابینا غلام ہے؟

(الف): جائز (ب): مستحب (ج): مباح (د): ناجائز

**134**: ظہار کے کفارے میں بہرہ غلام ہے۔

(الف): جائز (ب): مستحب (ج): مباح (د): ناجائز

**135**: اگر مشترک نصف غلام آزاد کیا، اور بقیہ کی قیمت کا ضامن ہوا تو یہ جائز ہے۔

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): امام محمد کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): ابو یوسف کے نزدیک

**136**: اگر مظاہر غلام پر قادر نہ ہو، تو اب اس کا کفارہ ہے؟

(الف): دو ماہ کے پے در پے روزے رکھنا (ب): مساکین کو کھانا کھلانا (ج): ایک ماہ کے روزے رکھے (د): صدقہ فطر ادا کرے

**137**: اگر مظاہر نے روزوں کے درمیان جماع کر لیا تو دوبارہ شروع کرے گا۔

(الف): طرفین کے نزدیک (ب): صاحبین کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): کسی کے بھی نہیں

**138**: اگر غلام نے ظہار کیا تو وہ کفارہ دے گا۔

(الف): روزوں کے ساتھ (ب): کھانے کے ساتھ (ج): صدقہ فطر کے ساتھ (د): کسی کے ساتھ بھی نہیں

**139**: اگر مظاہر روزوں کی استطاعت نہ رکھے تو کھانا کھلائے۔

(الف): ساٹھ مسکینوں کو (ب): ستر مسکینوں کو (ج): اسی مسکینوں کو (د): نوے مسکینوں کو

**140**: کفارہ ظہار میں ہر مسکین کو گندم دینی ہوتی ہے۔

(الف): نصف صاع (ب): ایک صاع (ج): ڈیڑھ صاع (د): دو صاع

**141**: اگر ایک ہی مسکین کو کھانا کھلایا تو وہ کھلائے گا۔

(الف): پچاس دن (ب): ساٹھ دن (ج): ستر دن (د): اسی دن

**142**: لعان کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(الف): قربت کرنا (ب): دور کرنا (ج): ختم کرنا (د): باقی رکھنا

**143**:لعان کے اندر اہل شہادت ہونا شرط ہے۔

(الف):شوہر کے لئے (ب):بیوی کے لئے (ج):دونوں کے لئے (د):کوئی بھی نہیں

**144**:حکم لعان میں اگر لعان سے انکار کر دیا تو قاضی ان کو کرے گا۔

(الف):قید (ب):قتل (ج):رجم (د):کچھ بھی نہیں

**145**:اگر باپ نے بچے پر تہمت لگائی تو قاضی اس بچے کو منسوب کرے گا۔

(الف):ماموں سے (ب):خالہ سے (ج):پھوپھی سے (د):ماں سے

**146**:مرد نے بچے کی نفی کی جب لوگ اس کو مبارک باد دے چکے ہوں تو، ۔۔۔

(الف):نسبت ثابت ہو گی (ب):نسبت ثابت نہیں ہو گی (ج):ماں کی طرف منسوب ہو گا (د):کوئی بھی نہیں

**147**:ایک بطن سے دو بچے پیدا ہوئے تو زوج پہلے کی نفی کرتا ہے، اور دوسرے کا اعتراف کرتا ہے تو زوج پر ہو گی ۔۔۔

(الف):دیت ہو گی (ب):تعزیر ہو گی (ج):حد ہو گی (د):کوئی بھی نہیں

**148**:آزاد عورت کی عدت ہے۔

(الف):ایک ماہ (ب):تین ماہ دس دن (ج):پانچ ماہ دس دن (د):چار ماہ دس دن

**149**:لونڈی عورت کی عدت ہے۔

(الف):دو ماہ دس دن (ب):تین ماہ دس دن (ج):پانچ ماہ دس دن (د):ایک ماہ دس دن

**150**:جس عورت کو حیض نہ آتا ہو، اس کی عدت ہے۔۔

(الف):دو ماہ (ب):پانچ ماہ (ج):ایک ماہ (د):تین ماہ

**151**:حاملہ کی عدت ہے۔

(الف):چھ ماہ (ب):وضع حمل (ج):نو ماہ (د):پانچ ماہ

**152**: جس عورت سے فاسد نکاح کیا گیا اس کی عدت ہے۔۔

(الف):طلاق دینا (ب):موت (ج):فرقت (د):کچھ بھی نہیں

**153**:ام ولد کا سردار اس کو آزاد کر دے تو اس کی عدت ہے۔

(الف):ایک حیض (ب):دو حیض (ج):تین حیض (د):کچھ بھی نہیں

154: نابالغ لڑکا اپنی بیوی کو چھوڑ کر مر جائے اور اس کی بیوی حاملہ ہو تو اس کی عدت کیا ہو گی۔

(الف): تین حیض (ب): دو حیض (ج): وضع حمل (د): کچھ بھی نہیں

155: مطلقہ بائنہ کے لئے اپنے گھر سے نکلنا ہے۔

(الف): جائز (ب): ناجائز (ج): مستحب (د): واجب

156: جس عورت کا زوج مر جائے اس کا سوگ منانا ہے۔

(الف): خوشبو نہ لگانا (ب): تیل نہ لگانا (ج): زینت نہ کرنا (د): یہ سب

157: زوج کا سوگ منانا نہیں ہے۔

(الف): مسلمان عورت پر (ب): کتابیہ پر (ج): کافرہ پر (د): کسی پر بھی نہیں

158: نکاح فاسد میں عدت ایک سے شمار کی جائے گی۔

(الف): تفریق سے پہلے (ب): تفریق کے بعد (ج): نکاح کے بعد (د): کسی وقت بھی نہیں

159: اگر حمل زوج کے انتقال کے بعد ظاہر ہوا تو اس کی عدت ہے۔

(الف): تین ماہ (ب): چار ماہ (ج): چار ماہ دس دن (د): پانچ ماہ

160: عدت لے لغوی معنی ہیں؟

(الف): جوڑنا (ب): ملانا (ج): شمار کرنا (د): کچھ بھی نہیں

161: طلاق رجعی والی عورت کے ساتھ مرد کا سفر کرنا کیسا ہے؟

(الف): جائز ہے (ب): ناجائز ہے (ج): واجب ہے (د): حرام ہے

162: جب کسی مرد نے اپنی بیوی کو طلاق بائنہ دی، پھر اس کی عدت میں نکاح کیا، پھر دخول سے پہلے طلاق دی تو مہر ہو گا۔۔

(الف): نصف مہر (ب): مکمل مہر (ج): مہر نہیں ہو گا (د): یہ تمام

163: طلاق بائنہ کے بعد عدت میں بیوی سے نکاح کیا، پھر دخول سے قبل طلاق دی، تو نصف مہر ہو گا۔

(الف): امام اعظم کے نزدیک (ب): امام محمد کے نزدیک (ج): امام زفر کے نزدیک (د): ابو یوسف کے نزدیک

164: معتدہ عورت نے بچہ کیا، تو امام صاحب کے نزدیک سب ثابت ہو گا۔

(الف): دو مردوں کی گواہی سے (ب): دو عورتوں کی گواہی سے (ج): ایک مرد کی گواہی سے (د): کوئی بھی نہیں

**165**:جب عورت بچہ لے کر آئی تو کتنی مدت پوری ہونے پہ نسب ثابت نہیں ہو گا۔

(الف):ایک سال (ب):دو سال (ج): تین سال(د):اڑھائی سال

**166**:جب مر د نے کسی عورت سے شادی کی اور وہ عورت بچہ لے کر آئی، تو نسب ثابت نہیں ہو گا۔

(الف):چھ ماہ سے کم کا (ب):چھ ماہ سے زیادہ کا (ج):ایک سال(د):دو سال

**167**:ولادت ثابت ہوتی ہے۔

(الف):ایک عورت کی گواہی سے (ب):دو عورتوں کی گواہی سے (ج): تین عورتوں کی گواہی سے(د):چار عورتوں کی گواہی سے

**168**:عدت ضروری نہیں؟

(الف):ذمی عورت پر (ب):مسلمان عورت پر (ج):دونوں پر(د):کسی پر بھی نہیں

**169**:اکثر مدت حمل ہے؟

(الف):ایک سال (ب):دو سال (ج): تین سال(د):چار سال

**170**:حمل کی کم مدت ہے؟

(الف): تین ماہ (ب):پانچ ماہ (ج):چھ ماہ(د):نو ماہ

# مختصر سوالات مع جوابات

**سوال 1:** نکاح کا لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں۔

**جواب :** نکاح کا لغوی معنی ملانا، اور اصطلاحی معنی ایسا عقد جو ملک متعہ کا فائدہ دے۔

**سوال 2:** نکاح کن الفاظ سے منعقد ہوتا ہے؟

**جواب :** نکاح ایجاب و قبول کے ساتھ منعقد ہوتا ہے، جبکہ دونوں لفظ ماضی کے ساتھ یا ایک کو ماضی اور دوسرے کو استقبال کے ساتھ تعبیر کیا جائے۔

**سوال 3:** نکاح کے منعقد ہونے کے لئے کتنے گواہوں کا ہونا ضروری ہے؟

**جواب :** نکاح کے منعقد ہونے کے لئے دو آزاد عاقل بالغ مسلمانوں کا حاضر ہونا ضروری ہے۔

**سوال 4:** مسلمان کا ذمیہ کے نکاح کا اختلاف لکھیں۔

**جواب :** شیخین کے نزدیک جائز ہے، اور امام محمد کے نزدیک جائز نہیں، مگر یہ کہ دو مسلمانوں کا حاضر ہونا ضروری ہے۔

**سوال 5:** آدمی کا کن عورتوں سے نکاح حلال نہیں؟

**جواب :** مردوں کی طرف سے اپنی ماں، اپنی نانی اور اپنی دادی ہے اور عورتوں کی طرف سے اپنی بیٹی سے، بیٹی کی بیٹی اور خالہ سے اور پھوپھی سے۔

**سوال 6:** نکاح میں کن عورتوں کو جمع نہیں کیا جاتا؟

**جواب :** نکاح میں جمع نہیں کیا جائے گا، دو بہنوں کو، دو لونڈیوں کو، دو عورتوں سے ان کی پھوپھی اور خالہ کو جمع نہیں کر سکتا۔

**سوال 7:** زانیہ کی بیٹی یا ماں زانیہ پر حلال یا حرام؟

**جواب :** زانیہ کی بیٹی اور ماں زانی پر حرام ہے۔

**سوال 8:** طلاق بائنہ والی عورت کی بہن سے نکاح کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** طلاق بائنہ والی عورت کی بہن سے نکاح کرنا جائز ہے، اس کی عدت گزرنے کے بعد۔

**سوال 9:** کتابیہ سے نکاح کا حکم کیا ہے؟

**جواب :** کتابیہ سے نکاح کرنا جائز ہے۔

**سوال 10:** مجوسیات اور بت کی پوجا کرنے والی سے نکاح کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** مجوسیات اور بت پرست سے نکاح کرنا جائز نہیں ہے۔

**سوال11:** احرام کی حالت میں نکاح کرنے کا کیا حکم ہے ؟

**جواب :** احرام کی حالت میں نکاح کرنا جائز ہے۔

**سوال12:** آزاد عاقلہ بالغہ کا اس کی مرضی سے نکاح منعقد ہوتا ہے یا نہیں ؟

**جواب :** آزاد عاقلہ بالغہ کا نکاح اس کی مرضی سے منعقد ہو سکتا ہے۔

**سوال13:** ولی کا آزاد بالغہ پر جبر کرنا جائز ہے ؟

**جواب :** ولی کا آزاد عاقلہ بالغہ پر جبر کرنا جائز نہیں ہے۔

**سوال14:** باکرہ کا قبول کرنا کیسا ہو گا ؟

**جواب :** باکرہ اگر خاموش رہی، مسکرائی یا روئی تو اس کی طرف سے اجازت ہے۔

**سوال15:** پردہ بکارت کے زائل ہونے کا اختلاف لکھیں۔

**جواب :** اگر عورت کا پردہ بکارت زائل ہوا، حیض کی زیادتی کی وجہ سے، زخم کی وجہ سے یا ناامیدی کی وجہ سے زائل ہوا، تو وہ باکرہ کے حکم میں ہے، امام اعظم کے نزدیک جبکہ صاحبین کے نزدیک اس کا حکم ثیبہ جیسا ہے۔

**سوال16:** کن الفاظ کے ساتھ نکاح منعقد ہوتا ہے ؟

**جواب :** لفظ تملیک، لفظ الھبۃ، لفظ صدقہ کے ساتھ نکاح منعقد ہوتا ہے۔

**سوال17:** کن الفاظ کے ساتھ نکاح منعقد نہیں ہوتا ؟

**جواب :** لفظ اجارۃ ، لفظ عارۃ، لفظ اباحۃ کے ساتھ نکاح منعقد نہیں ہوتا۔

**سوال18:** عورت کو کس صورت میں نکاح میں اختیار ہے، اور کس میں اختیار نہیں بالغ ہونے کے بعد۔

**جواب :** اس کا نکاح باپ دادا نے کیا اس میں اختیار نہیں ہے بالغ ہونے کے بعد، نکاح باپ دادا نے نہیں کیا اس میں اختیار ہے بالغ ہونے کے بعد۔

**سوال19:** کفو میں کتنی چیزوں کا اعتبار ہے ؟

**جواب :** کفو میں تین چیزوں کا اعتبار ہے، نسب کا، مال کا، دین کا۔

**سوال20:** جب عورت نے بغیر کفو کے نکاح کیا، تو اس کا کیا حکم ہے ؟

**جواب :** جب عورت نے بغیر کفو کے نکاح کیا تو اولیاء کے لئے یہ ہے کہ ان کے درمیان فرق کر دیں۔

**سوال 21:** مہر مثلی کیا ہے ؟

**جواب :** مہر مثلی یہ ہے کہ جو عورت کی ماں، پھوپھی کو ملا۔

**سوال 22:** کب نکاح صحیح ہے، اور کب صحیح نہیں ہے ؟

**جواب :** جب نکاح میں مہر ذکر کیا تو نکاح صحیح ہے اور جب نکاح میں مہر ذکر نہیں کیا تو نکاح صحیح نہیں ہے۔

**سوال 23:** شرعی مہر کتنا ہے ؟

**جواب :** شرعی مہر دس درہم ہیں۔

**سوال 24:** جب مسلمان نے خمر اور خنزیر پر نکاح کیا تو اس کا حکم کیا ہے۔ اور مہر کا حکم کیا ہے ؟

**جواب :** جب مسلمان نے خمر اور خنزیر پر نکاح کیا تو نکاح جائز ہے، اور مہر مثلی ہو گا۔

**سوال 25:** غلام اور لونڈی کا جو نکاح ہے وہ کس کی اجازت سے ہو گا؟

**جواب :** وہ صرف اور صرف ان دونوں کے مالکوں یعنی مولیٰ کی اجازت سے ہو گا۔

**سوال 26:** اگر غلام اپنے مولیٰ کی اجازت سے نکاح کر لے تو مہر کس پر ہو گا؟

**جواب :** تو وہ جو مہر دینا ہو گا، وہ غلام پر ہی ہو گا۔

**سوال 27:** اگر کسی عورت نے ایسے کپڑے پر نکاح کیا جس کی صفت معلوم نہیں تو کیا مہر عورت کو ملے گا؟

**جواب :** جی وہ مہر مثلی ملے گا۔

**سوال 28:** اگر کسی عورت نے نکاح کیا کسی ایسے حیوان پر اور اس کی صفت بیان نہ کی جائے تو کیا اس طرح نکاح کرنا درست ہے ؟

**جواب :** تو اس صورت میں عورت کو درمیانے درجے کا جانور دیا جائے گا، شوہر کو اختیار ہے کہ چاہے تو قیمت دے دے، یا درمیانے قسم کا جانور دے۔

**سوال 29:** غلام اور لونڈی کا اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کرنا کیا جائز ہے ؟

**جواب :** اگر آقا نے اس کی اجازت دی تو جائز اگر نہ دی تو ناجائز ہے، یعنی باطل ہے۔

**سوال 30:** اگر قاضی نے زوجین کے درمیان نکاح فاسد کی صورت میں دخول سے پہلے فیصلہ کر دیا تو عورت کو مہر ملے گا؟

**جواب :** جی نہیں مہر نہیں ملے گا۔

**سوال 31:** اگر عورت سے دخول کر لیا تو کیا مہر ہو گا؟

**جواب :** تو اس صورت میں مہر مثلی ہو گا، مقرر مہر سے زیادہ نہ ہو گا۔

**سوال32:** کیا آزاد عورت کے ہونے کے باوجود لونڈی سے نکاح کرنا جائز ہے؟

**جواب :** تو اس صورت میں آزاد عورت سے نکاح کرنا جائز ہے، لونڈی سے ناجائز ہے۔

**سوال33:** اگر کسی شخص نے چار شادیاں کی اور ایک کو طلاق دے دی، اب ایک اور شادی کر سکتا ہے؟

**جواب :** تو اب وہ چوتھی شادی نہیں کر سکتا ناجائز ہے، جہاں تک کہ اس کی عدت مکمل ہو جائے، اس کے بعد چوتھی شادی کر سکتا ہے۔

**سوال34:** اگر لونڈی نے اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کیا اور وہ آزاد بھی ہو جائے تو کیا اس صورت میں نکاح صحیح ہو گا؟

**جواب :** اس صورت میں نکاح درست ہو جائے گا۔

**سوال35:** جب شوہر نامرد ہو تو قاضی اس کو کتنے سال کا وقت دے گا؟

**جواب :** ایک سال کا وقت دے گا۔

**سوال36:** جب شوہر مقطوع ذکر ہو تو قاضی کیا فیصلہ کرے گا؟

**جواب :** فوراً جدائی کر دے گا۔

**سوال37:** جب شوہر خصی ہو تو قاضی اس کو کتنے سال کی مہلت دے گا؟

**جواب :** اگر شوہر خصی ہو تو قاضی اسے ایک سال کی مہلت دے گا۔

**سوال38:** جب عورت دار حرب میں اسلام لے آئی تو فرقت کب وقع ہو گی؟

**جواب :** تو فوراً ہی فرقت واقع ہو گی۔

**سوال39:** جب زوجین میں سے کوئی ایک ہماری طرف لوٹ آئے تو کون سی فرقت واقع ہو گی؟

**جواب :** طلاق بائنہ والی فرقت واقع ہو گی۔

**سوال40:** زوجین میں سے اگر کوئی ایک قید کر لیا گیا، تو فرقت واقع ہو گی؟

**جواب :** تو فرقت فوراً واقع ہو گی۔

**سوال41:** زوجین میں سے اگر ایک کتابیہ ہو اور ایک مجوسیہ ہو تو بچہ کس کے حق میں ہو گا؟

**جواب :** تو بچہ کتابیہ کے حق میں ہو گا۔

**سوال42:** زوجین میں سے کوئی ایک مسلمان ہو تو بچہ کس دین پر ہو گا؟

**جواب :** تو بچہ مسلمان کے دین پر ہو گا۔

**سوال43:** ایک مرد کے لئے دو بیویاں ہوں تو باری میں کیا حکم ہے؟

**جواب :** باکرہ کے لئے چار دن اور ثیبہ تین دن۔

**سوال44:** طلاق کی لغوی و اصطلاحی تعریف بیان کریں۔

**جواب :** لغوی معنیٰ گرہ کھولنا، اصطلاحی تعریف زوجیت کے رشتے کو ختم کرنا۔

**سوال45:** طلاق کی کتنی اقسام ہیں؟

**جواب :** طلاق کی تین اقسام ہیں، طلاق حسنہ، طلاق سنت اور طلاق بدعت

**سوال46:** طلاق حسنہ کی تعریف لکھیں۔

**جواب :** اپنی عورت کو ایک طلاق دے، ایک طہر میں اس سے جماع نہ کرے، اسے چھوڑ دے یہاں تک کہ اس کی عدت ختم ہو جائے۔

**سوال47:** طلاق سنت کی تعریف لکھیں۔

**جواب :** مدخول بہا کو طلاق دینا تین طہروں میں۔

**سوال48:** طلاق بدت کی تعریف لکھیں۔

**جواب :** ایک ہی کلمے کے ساتھ تین طلاقیں دے یا تین طلاقیں دینا ایک طہر میں اگر ایسا کرے تو طلاق واقع ہو جائے گی۔

**سوال49:** طلاق سنت کی کتنی صورتیں ہیں؟

**جواب :** اس کی دو صورتیں ہیں، سنت وقت اور سنت عدد

**سوال50:** حالت حیض میں طلاق دینا کیسا ہے؟

**جواب :** حالت حیض میں طلاق نہیں دینی چاہیئے، اگر طلاق دے دی تو طلاق واقع ہو جائے گی۔

**سوال51:** مولیٰ کا اپنے غلام کی بیوی کو طلاق دینا کیسا ہے؟

**جواب :** مولیٰ اپنے غلام کی بیوی کو طلاق نہیں دے سکتا۔

**سوال52:** آزاد اور لونڈی کی طلاقوں میں فرق بیان کریں۔

**جواب :** آزاد کو تین طلاقیں ہوتی ہیں، اور لونڈی کے لئے دو طلاقیں ہوتی ہیں۔

**سوال53:** کن کن الفاظ سے طلاق دے سکتے ہیں؟

**جواب :** صریح اور کنایہ میں نیت کے ساتھ طلاق واقع ہو جاتی ہے، صریح انت طالق تو طلاق والی ہے، جس نے تجھے طلاق دی۔

**سوال54:** کن کن لوگوں کی طلاق واقع نہیں ہوتی؟

**جواب :** سویاہوا، مجنون اور بچے کی۔

**سوال55:** کیاغلام اپنے مولیٰ کی اجازت کے بغیر اپنی بیوی کو طلاق دے سکتا ہے؟

**جواب :** جی ہاں دے سکتا ہے۔

**سوال56:** اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو ایک ہی طلاق دے تو طلاق واقع ہو جائے گی۔۔۔؟

**جواب :** اگر کوئی اپنی بیوی کو ایک طلاق دے تو طلاق رجعی واقع ہو گی۔

**سوال57:** مذاکرہ طلاق کے وقت کوئی مرد اپنی بیوی کو کنایہ الفاظ بولے تو کیا طلاق واقع ہو جائے گی؟

**جواب :** طلاق واقع ہو جائے گی۔

**سوال58:** اگر شوہر اپنی بیوی کو کہے تجھے طلاق اگر تو مکہ میں داخل ہوئی تو کیا حکم ہے بیان کریں؟

**جواب :** اگر شوہر اپنی بیوی کر کہے تجھے طلاق ہے اگر تو مکہ میں داخل ہوئی اس سے طلاق واقع نہیں ہو گی، یہاں تک کہ وہ مکہ میں داخل ہو۔

**سوال59:** اگر شوہر اپنی بیوی کو کہے کہ تجھے کل طلاق تو طلاق کب واقع ہو گی؟

**جواب :** اگر شوہر اپنی بیوی کو کہے کہ تجھے کل طلاق تو اسے طلاق ہو جائے گی دوسرے صادق کے طلوع ہونے کے ساتھ۔

**سوال60:** اگر شوہر نے اپنی بیوی کو کہا تو طلاق والی ہے، ان شاء اللہ تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** اگر شوہر نے طلاق کے ساتھ ان شاء اللہ ملا دیا تو طلاق واقع نہیں ہو گی۔

**سوال61:** اگر شوہر نے عورت کو طلاق دی مرض موت میں تو کون سی طلاق واقع ہو گی بیان کریں؟

**جواب :** اگر شوہر نے عورت کو طلاق دی مرض موت میں تو طلاق بائنہ واقع ہو گی۔

**سوال62:** لونڈی کی کتنی طلاقیں اور کتنے حیض ہیں بیان کریں؟

**جواب :** لونڈی کی دو طلاقیں اور دو حیض ہیں۔

**سوال63:** اگر شوہر نے اپنی بیوی کو کہا کہ تجھے طلاق ایک کے بعد ایک یا پھر ایک کے ساتھ ایک تو کتنی طلاقیں واقع ہو نگی؟

**جواب :** اگر شوہر نے اپنی بیوی کو کہا کہ تجھے طلاق ایک کے بعد ایک یا پھر ایک کے ساتھ ایک تو دو طلاقیں واقع ہو نگی۔

**سوال64:** اگر شوہر نے بیوی کو کہا اگر تو اس گھر میں داخل ہوئی تو تجھے طلاق ایک اور ایک تو کتنی طلاقیں واقع ہو نگی؟

**جواب :** اگر شوہر نے بیوی کو کہا اگر تو اس گھر میں داخل ہوئی تو تجھے طلاق ایک اور ایک تو اسے ایک طلاق واقع ہو گی۔

**سوال65:** **اگر شوہر کہے بیوی کو تجھے مکہ میں طلاق تو کیا حکم ہے بیان کریں؟**

**جواب :** اگر شوہر کہے بیوی کو تجھے مکہ میں طلاق تو ہر شہر میں فوراً طلاق واقع ہو جائے گی۔

**سوال66:** **اگر شوہر نے عورت کو نصف طلاق یا آدھی طلاق یا ثلث طلاق دی تو کون سی طلاق واقع ہو گی؟**

**جواب :** اگر شوہر نے عورت کو نصف طلاق یا آدھی طلاق یا ثلث طلاق دی تو ایک طلاق واقع ہو گی۔

**سوال67:** **مجبور کیا ہوا نشے والا ان کی طلاق کیسے واقع ہو گی؟**

**جواب :** مجبور کیا ہوا نشے والا ان کی طلاق واقع ہو گی جب یہ طلاق کی نیت کریں۔

**سوال68:** **گونگے کی طلاق کیسے واقع ہو گی؟**

**جواب :** گونگے کی طلاق اشارے سے واقع ہو گی۔

**سوال69:** **جب طلاق کی اضافت کی نکاح کی طرف تو طلاق کب واقع ہو گی؟**

**جواب :** جب طلاق کی اضافت کی نکاح کی طرف تو طلاق فوراً واقع ہو جائے گی۔

**سوال70:** **اگر شوہر نے اپنی بیوی کو کہا تیرا مجھ سے قطع تعلق ہے تیری رسی تیری گردن پر ہے تو مل جا اپنے اہل کے ساتھ تو اختیار دی ہوئی ہے، ان الفاظ کے ساتھ طلاق واقع ہو گی یا نہیں بیان کریں؟**

**جواب :** اگر شوہر کی طلاق کی نیت نہ ہو تو طلاق واقع نہیں ان الفاظ کے ساتھ ہاں اگر مذاکرہ طلاق چل رہا ہو تو طلاق واقع ہو جائے گی قاضی کے پاس

**سوال71:** **جب شوہر نے طلاق کا وصف پیدا کر دیا، زیادتی کے ساتھ تو عورت کو کون سی طلاق ہو گی؟**

**جواب :** جب شوہر نے طلاق کا وصف پیدا کر دیا، زیادتی کے ساتھ تو عورت کو طلاق بائنہ ہو گی۔

**سوال72:** **اگر شوہر نے عورت کے ایسے جز کو طلاق دی جو تقسیم نہ ہوتا ہو تو کیا حکم ہے؟**

**جواب :** اگر شوہر نے عورت کے ایسے جز کو طلاق دی جو تقسیم نہ ہوتا ہو تو طلاق واقع نہیں ہو گی۔

**سوال73:** **رجعت کا لغوی و اصطلاحی معنی کیا ہیں؟**

**جواب :** لغوی معنی واپس آنا یعنی لوٹنا، اور اصطلاحی معنی اس ملکیت کو برقرار رکھنا جو نکاح کے ذریعے قائم ہوئی تھی۔

**سوال74:** **جب شوہر نے اپنی بیوی کو طلاق رجعی یا دو طلاقیں دی تو اگر وہ رجوع کرنا چاہے تو کب کر سکتا ہے؟**

**جواب :** جب مرد نے اپنی بیوی کو طلاق رجعی یا دو طلاقیں دی تو اس کی عدت میں رجوع کر سکتا ہے۔

**سوال75:** رجع کے کچھ الفاظ لکھیں۔

**جواب :** رجعتک، میں نے رجوع کیا اپنی عورت سے، یا وطی کرے یا وہ اس کو قبول کرے یا وہ اس کو بوسہ کرے شہوت کے ساتھ۔

**سوال76:** جب گواہ نہ ہوں اور مرد اپنی بیوی سے اس کی عدت میں رجوع کرلے، تو اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** اگر عورت نے اپنے شوہر کی تصدیق کی تو یہی اس کا رجوع ہوگا، اگر عورت انکار کرے تو امام اعظم کے نزدیک اسے اس قسم نہیں لی جائے گی۔

**سوال77:** جب لونڈی کے شوہر نے اس کی عدت ختم ہونے کے بعد کہا میں نے تجھ سے تیری عدت میں رجوع کرلیا تھا، آقا اس کی تصدیق کرتا ہے، اور لونڈی اس کو جھٹلاتی ہے، کس کا قول معتبر ہوگا؟

**جواب :** آقا اس کی تصدیق کرتا ہے اور لونڈی جھٹلاتی ہے، اس میں لونڈی کا قول معتبر ہوگا، امام اعظم کے نزدیک۔

**سوال78:** ایلاء کے لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں۔

**جواب :** ایلاء کے لغوی معنی قسم کھانا جبکہ کہ اصطلاح میں چار ماہ یا اس سے زیادہ اپنی بیوی سے نہ ملنا۔

**سوال79:** اگر چار ماہ اپنی بیوی کے پاس نہ جائے تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** ایک طلاق بائنہ ہو جائے گی۔

**سوال80:** اگر چار ماہ سے کم کی قسم کھائی تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** تو وہ شخص ایلاء کرنے والا نہیں ہوگا۔

**سوال81:** ایلاء کرنے والا وطی پر قادر نہ ہو تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** تو ایلاء ساقط ہو جائے گا۔

**سوال82:** ایک طلاق رجعی والے کا ایلاء میں کیا حکم ہے؟

**جواب :** اس کے ساتھ ایلاء ہو جائے گا۔

**سوال83:** طلاق بائنہ والی سے ایلاء کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** اس سے ایلاء نہیں کیا جا سکتا۔

**سوال84:** خلع کے لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں۔

**جواب :** خلع کے لغوی معنی اتارنا، اور اصطلاح میں زوجیت کے رشتے کو مال کے بدلے ختم کر دینا۔

**سوال85:** مطلق خلع کے ساتھ کتنی طلاقیں واقع ہو نگی؟

**جواب :** ایک طلاق بائنہ واقع ہو جائے گی۔

**سوال86:** حرام چیزوں پر خلع کا حکم مرد کے بارے میں کیا ہے؟

**جواب :** مرد کے لئے کچھ نہیں، اور طلاق بائنہ ہو جائے گی۔

**سوال87:** اگر ہاتھ والی چیز پر خلع کیا اور ہاتھ میں کچھ بھی نہیں تو کیا حکم ہو گا؟

**جواب :** تو مرد کو مہر واپس کرنا ہو گا۔

**سوال88:** اگر عورت نے کہا کہ مجھے طلاق دے تین ہزار کے ساتھ تو کیا حکم ہو گا؟

**جواب :** تو عورت پر تین ہزار لازم ہے۔

**سوال89:** اگر کہا کہ مجھے طلاق دے تین ہزار پر تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** تو اس پر قول ہے: امام اعظم کے نزدیک کچھ نہیں قالا تین ہزار ہیں،

**سوال90:** ظہار کے لغوی و اصطلاحی معنی لکھیں۔

**جواب :** ظہار کے لغوی معنی پیٹھ، اصطلاحی معنی شوہر کا اپنی بیوی کو ایسی عورت کے ساتھ تشبیہ دینا جو اس کے لئے حرام ہو۔

**سوال91:** وہ کون سے الفاظ ہیں جن سے مرد اپنی بیوی کو کہے تو ظہار ثابت ہو گا؟

**جواب :** میری امی کی پیٹھ کی طرح، میری بہن کی طرح ہے، اس طرح کے الفاظ سے ظہار ثابت ہو گا۔

**سوال92:** کوئی شخص وطی کرے ظہار کا کفارہ دینے سے پہلے تو کیا ہو گا؟

**جواب :** وہ استغفار زیادہ سے زیادہ کرے اور اس کا کفارہ دے۔

**سوال93:** وہ کون سے الفاظ ہیں جو کل جسم کے حکم میں ہیں؟

**جواب :** پیٹھ، ران، وغیرہ یہ پورے جسم کے مقابلے میں داخل ہیں۔

**سوال94:** اگر کوئی شخص ظہار کا لفظ بول کر طلاق مراد لے تو کتنی طلاقیں ہو نگی؟

**جواب :** جب کوئی شخص یہ بولے تو طلاق بائنہ ہو گی۔

**سوال95:** ظہار کا کفارہ کیا ہے؟

**جواب :** ایک غلام کو آزاد کرنا، ساٹھ لگاتار روزے رکھنا، یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا۔

**سوال96:** ظہار کی شرائط بیان کریں۔

**جواب :** ظہار کرنے والے کا عاقل بالغ مسلمان اور عورت اس کی بیوی ہو۔

**سوال97:** زمانہ کفر میں ظہار کرے تو کفارہ ہو گا؟

**جواب :** جی ہاں اس کو کفارہ دینا ہو گا، پھر اس کی بیوی حلال ہو گی۔

**سوال98:** ظہار کے کفارے میں کون سا غلام آزاد کر سکتے ہیں؟

**جواب :** مسلمان، کافر، چھوٹا، بڑا سب آزاد کر سکتے ہیں۔

**سوال99:** وہ کون سا غلام ہے جس کو آزاد کرنے سے کفارہ ادا نہیں ہو گا؟

**جواب :** نابینا غلام، یا جس کے ہاتھ پاؤ کٹے ہوئے ہوں، ان سے کفارہ ادا نہیں ہو گا۔

**سوال100:** مدبر، مکاتب، ام ولد کو آزاد کرے تو کفارہ ادا ہو جائے گا؟

**جواب :** جی نہیں ان کو آزاد کرنے سے کفارے ادا نہیں ہو گا۔

**سوال101:** کب باپ کو آزاد کرنے سے کفارہ ادا ہو گا؟

**جواب :** خریدنے کے وقت اگر نیت کی تو آزاد ہو جائے گا۔

**سوال102:** اگر کوئی غلام ظہار کرے تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** اس کے لئے یہ ہے کہ وہ ساٹھ روزے لگاتار رکھے، پھر کفارہ ادا ہو گا۔

**سوال103:** اگر کسی نے دو بار ظہار کر لیا تو اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** تو وہ ایک سو بیس روزے رکھے یا ایک سو بیس مسکینوں کو کھانا کھلائے۔

**سوال104:** کیا ظہار کا باب مشکل ہے؟

**جواب :** جی نہیں بہت آسان ہے۔

**سوال105:** لعان کے لغوی معنی لکھیں۔

**جواب :** لعان کے لغوی معنی دھتکارنا اور دور کرنا۔

**سوال106:** لعان کا اصطلاحی معنی لکھیں۔

**جواب :** ان چار گواہیوں کا نام ہے جو قسم کے ساتھ پختہ ہوتی ہیں۔

**سوال107:** اگر کوئی مرد لعان سے منع کرے تو اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** اس کو قید کیا جائے گا یہاں تک کہ وہ لعان کر دے، یا تو اپنی آپ کو جھٹلا دے۔

**سوال108:** اگر کوئی عورت لعان سے منع کرے تو اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** حاکم اس کو قید کرے یہاں تک کہ وہ لعان کرے یا اپنے آپ کا انکار کرے کہ میں نے زنا کیا۔

**سوال109:** عورت پر کب حد ہو گی؟

**جواب:** جب مرد غلام ہو، کافر ہو، محدود فی قذف ہو، اور عورت ان میں سے ہو جن پر حد لگائی جاتی ہو، تو ان پر حد ہو گی۔

**سوال110:** کب نا حد ہو گی نہ لعان ہو گا؟

**جواب:** جب مرد اہل شہادت میں سے ہو اور عورت لونڈی ہو، کافرہ ہو، محدود فی قذف ہو، یا ان میں سے ہو جن پر حد نہ لگائی جاتی ہو تو اس پر حد نہیں ہو گی، اور نہ ہی اس پر لعان ہو گا۔

**سوال111:** لعان میں کتنی قسمیں ہیں اور مرد کیا کرے گا؟

**جواب:** مرد عورت دونوں چار گواہی دیں اور پانچوں یا مرد کہے گا کہ اللہ کی جھوٹوں پر لعنت ہو اگر میں نے جو اس پر پھینکا ہے زنا ہے اور عورت کہے گی، اللہ کا غضب ہو ان پر جو مرد سچوں میں سے ہو، اور مرد عورت کی طرف ہر بار اشارہ کرے گا۔

**سوال112:** لعان کی فرقت میں علماء کا اختلاف لکھیں۔

**جواب:** امام اعظم کے نزدیک ان میں فرقت طلاق بائنہ ہو گی، صاحبین کے نزدیک ان کی فرقت ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہو گی۔

**سوال113:** مرد اپنے بچے کی نفی کب تک کر سکتا ہے؟

**جواب:** بچے کے پیدا ہونے کے فوراً بعد، جب مبارک باد دی جا رہی ہو، اور جب اس کی ولادت کے کپڑے یا سامان لیا گیا تب۔

**سوال114:** ایک بطن سے دو بچوں کی ولادت ہوئی اور پہلے کی نفی کرے دوسرے کا اعتراف تو کیا حکم ہے؟

**جواب:** تو مرد کو حد لگائی جائے گی، کیوں کہ وہ پہلے کا انکار تہمت لگا کر کر رہا ہے، اور دوسرے کا اقرار کر رہا ہے، اپنے آپ کو جھٹلا کر۔

**سوال115:** اگر دوسرے کی نفی کرے اور پہلے کا اعتراف تو کیا حکم ہو گا؟

**جواب:** جب لعان ہو گا اور نسب بھی ثابت ہو جائے گا۔

**سوال116:** عدت کے لغوی معنی لکھیں۔

**جواب:** ایام حیض کو شمار کرنا۔

**سوال117:** عدت کی اصطلاحی تعریف لکھیں۔

**جواب :** عدت ان ایام کو کہتے ہیں جو عورت کی ملک متعہ زائل ہونے کے بعد شوہر کے انتظار میں گزرتی ہے۔

**سوال118:** آزاد عورت کی عدت کتنی ہے؟

**جواب :** آزاد عورت کی عدت تین حیض ہے۔

**سوال119:** جس عورت کو حیض نہ آئے اس کی عدت کتنی ہو گی؟

**جواب :** جس کو حیض نہ آتا ہو اس کی عدت تین مہینے ہے۔

**سوال120:** حاملہ کی عدت کتنی ہے؟

**جواب :** حاملہ کی عدت وضع حمل ہے۔

**سوال121:** لونڈی کی عدت کتنی ہے؟

**جواب :** لونڈی کی عدت دو حیض ہے۔

**سوال122:** جس لونڈی کو حیض نہ آتا ہو اس کی عدت کتنی ہے؟

**جواب :** جس لونڈی کو حیض نہ آتا ہو اس کی عدت پورا ایک مہینہ اور دوسرا آدھا مہینہ ہے۔

**سوال123:** لونڈی کو آزاد کر دیا تو اس کی عدت کب منتقل ہو گی، اور کب نہیں ہو گی؟

**جواب :** جب لونڈی طلاق رجعی والی عدت گزار رہی ہو، تو اس کو آزاد کر دیا تو اس کی عدت منتقل ہو گی اور وہ جس کو طلاق بائنہ ہو یا اس کا شوہر فوت ہو گیا ہو، اس کی عدت منتقل نہیں ہو گی۔

**سوال124:** جب کسی شخص نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تو جس حیض میں طلاق دی کیا وہ عدت میں شمار ہو گا؟

**جواب :** جب کسی شخص نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تو جس حیض میں طلاق دی تو وہ عدت میں شمار نہیں ہو گا۔

**سوال125:** طلاق میں عدت کی ابتداء کب ہوتی ہے؟

**جواب :** طلاق کے فوراً بعد عورت کی عدت شروع ہو جاتی ہے۔

**سوال126:** کیا عدت والی عورت تیل اور خوشبو لگا سکتی ہے؟

**جواب :** جی نہیں عدت والی عورت تیل اور خشبو نہیں لگا سکتی۔

**سوال127:** کیاعدت والی عورت زعفران سے رنگے ہوئے کپڑے پہن سکتی ہے ؟

**جواب :** عدت والی عورت زعفران سے رنگے ہوئے کپڑے نہیں پہن سکتی ہے۔

**سوال128:** کیاام ولد کی عدت ہوتی ہے ؟

**جواب :** ام ولد کی عدت نہیں ہوتی۔

**سوال129:** عدت گزارنے والی عورت کو نکاح کاپیغام دینے کا کیا حکم ہے ؟

**جواب :** عدت والی عورت کو نکاح کاپیغام دینامناسب نہیں ہے۔

**سوال130:** عدت والی عورت اپنی عدت کہاں گزارے گی ؟

**جواب :** عدت والی عورت اپنی عدت اپنے شوہر کے گھر میں گزارے گی۔

**سوال131:** کیانکاح فاسد میں عدت ہوتی ہے ؟

**جواب :** نکاح فاسد میں عدت نہیں ہوتی۔

**سوال132:** جس معتدہ عورت اپنی عدت کے پوراہونے کااعتراف کرے اور بچہ لے کر آجائے تونسب کس سے ثابت ہو گا؟

**جواب :** اگر تووہ عورت چھ مہینے سے کم میں بچے لے کر آئے تواس کاشوہر سے نسب ثابت ہو گا۔

**سوال133:** دائی کے گواہی دینے سے کیانسب ثابت ہو جائے گا؟

**جواب :** اگر اکیلی دائی ہی گواہی دے تونسب ثابت ہو جائے گا۔

**سوال134:** جب ذمی شخص نے ذمیہ بیوی کو طلاق دی تو کیااس کے لئے عدت گزارناضروری ہے ؟

**جواب :** توذمیہ عورت پر عدت نہیں ہو گی۔

**سوال135:** دخول سے پہلے شوہر نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی تواس کے لئے کتنامہر ہو گا؟

**جواب :** دخول سے پہلے شوہر نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی تواس کے لئے نصف مہر ہو گا۔

**سوال136:** حمل کی کم از کم اور زیادہ سے زیادہ کتنی مدت ہے ؟

**جواب :** حمل کی کم از کم مدت چھ مہینے اور زیادہ سے زیادہ دو سال ہے۔

**سوال137:** عدت گزارے والی عورت کیاگھر سے نکل سکتی ہے ؟

**جواب :** عدت گزارے والی عورت گھر سے نہیں نکل سکتی ہے، لیکن عذر کی وجہ سے نکل سکتی ہے۔

**سوال138:** نفقہ کے لغوی و اصطلاحی معنی کیا ہیں؟

**جواب :** لغوی معنی خرچ کرنا، اور اصطلاحی معنی وہ یومیہ خرچہ جو زندگی برقرار رکھنے کے لئے برابر جاری رہے، نفقہ کہلاتا ہے۔

**سوال139:** نفقے میں کس کی حالت کا اعتبار کیا جائے گا؟

**جواب :** نفقے میں شوہر اور بیوی دونوں کی حالت کا اعتبار کیا جائے گا۔

**سوال140:** شوہر اگر چھوٹا ہو اور بیوی بڑی ہو، اور عورت نے اپنا آپ سپرد کر دیا ہو، لیکن شوہر وطی پر قادر نہ ہو تو عورت کے لئے نفقے کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** شوہر اگر چھوٹا ہو اور وطی پر بھی قادر نہ ہو اور عورت نے اسے اپنا آپ سپرد کر دیا تو اس عورت کے لئے نفقہ شوہر کے مال سے ہو گا۔

**سوال141:** جب کوئی مرد اپنی عورت کو طلاق دے دے، تو اس پر کیا کیا چیزیں لازم ہو نگی؟

**جواب :** جب تک عورت عدت میں رہے گی، اس وقت تک شوہر کے لئے اس عورت کا نفقہ اور رہائش دینا ہو گی۔

**سوال142:** نافرمان عورت کے نفقے کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** ہر وہ جدائی جو عورت کی طرف سے آئے عورت ہی کی نافرمانی کی وجہ سے تو اس صورت میں عورت کو نفقہ نہیں دیا جائے گا۔

**سوال143:** جب کسی مرد نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور بیوی اس کے بعد مرتد ہو گئی تو کیا اس عورت کے لئے نفقہ ہو گا؟

**جواب :** جب اس کی بیوی مرتد ہو گئی تو اس کا نفقہ ساقط ہو گیا۔

**سوال144:** عورت کے خادموں کا نفقہ کیا شوہر پر ضروری ہے؟

**جواب :** صرف ایک خادم کا نفقہ ہو گا۔

**سوال145:** عورت کے پہلے زوج سے بچے کا نفقہ کیا دوسرے زوج پر دینا ضروری ہے؟

**جواب :** دوسرے زوج پر بچے کا نفقہ دینا ضروری نہیں ہے۔

**سوال146:** چھوٹی اولاد کا نفقہ کس پر ہے؟

**جواب :** چھوٹی اولاد کا نان و نفقہ اس کے باپ پر ہے۔

**سوال147:** کیا بچے کو دودھ پلانا اس کی ماں پر ضروری ہے؟

**جواب :** بچے کو دودھ پلانا اس کی ماں پر ضروری نہیں ہے، بلکہ بچے کا باپ اس کے لئے کوئی عورت اجرت پر رکھے جو اس کو دودھ پلائے۔

**سوال148:** جب مولیٰ اپنی لونڈی کو اس کے شوہر کے ساتھ رات گزارنے کی اجازت دے دے، تو اس کے نفقے کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** اس لونڈی کا نفقہ اس کے مولیٰ پر ہی ہو گا۔

**سوال149:** کیاعدت گزارنے والی عورت کو دودھ پلانے کے لئے اجرت پر رکھ سکتے ہیں؟

**جواب :** عدت والی عورت کو دودھ پلانے کے لئے اجرت پر نہیں رکھ سکتے۔

**سوال150:** اگر ماں اور اجرت پر دودھ پلانے والی دونوں کی اجرت برابر ہے تو کون زیادہ حق دار ہے بچے کو دودھ پلانے کے لئے؟

**جواب :** ماں زیادہ حق دار ہے بچے کو دودھ پلانے کے لئے۔

**سوال151:** جب میاں اور بیوی کے درمیان فرقت واقع ہو گئی، تو کون زیادہ حق دار ہے بچے کا؟

**جواب :** جب میاں اور بیوی کے درمیان فرقت واقع ہو جائے تو بچے کی زیادہ حق دار ماں ہو گی۔

**سوال152:** اگر بچے کی ماں نہ ہو تو، کون زیادہ حق دار ہے بچے کی پرورش کا؟

**جواب :** جب بچے کی ماں نہ ہو تو بچے کی پرورش کی زیادہ حق دار نانی ہے۔

**سوال153:** آزادی سے پہلے ام ولد کا بچہ کس کے حق میں ہو گا؟

**جواب :** آزادی سے پہلے ام ولد کا بچہ ام ولد کا ہی ہو گا۔

**سوال154:** جب بالغ بیٹی ہو یا اپاہج ہو تو ماں باپ پر کتنا کتنا حصہ ہو گا؟

**جواب :** تین حصوں میں سے دو حصے باپ کے اور ایک حصہ ماں کا ہو گا۔

**سوال155:** جب بیٹا غائب ہو تو اس کا مال کس کو دیا جائے گا؟

**جواب :** جب بیٹا غائب ہو تو اس کا مال اس کے ماں باپ کو دیا جائے گا۔

**سوال156:** جب کسی کا مال اجنبی کے ہاتھ میں ہو اور وہ اس کے والدین پر خرچ کر دے بغیر قاضی کی اجازت کے تو کیا حکم ہو گا؟

**جواب :** اس شخص پر ضمان ہو گا، جس نے خرچ کیا بغیر اجازت ہے۔

**سوال157:** وہ کون لوگ ہیں جن کا نفقہ دین کے اختلاف کے جاوجود بھی واجب ہوتا ہے؟

**جواب :** بیوی، والدین، دادا، دادی، نانا، نانی اور بیٹے، پوتے ان کا نفقہ دین مختلف ہونے کے باوجود بھی واجب ہوتا ہے۔

**سوال158:** کیا مولیٰ پر اپنے غلاموں اور لونڈیوں پر خرچ کرنا ضروری ہے؟

**جواب :** جی ہاں مولیٰ پر اپنی لونڈیوں اور غلاموں پر خرچ کرنا ضروری ہے۔

**سوال159:** جنایات کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ کیا ہے؟

**جواب :** جنایات کا لغوی معنیٰ ہر برا کام اور تعریف ہر وہ حرام کام جس سے مال یا جان تلف ہوں۔

**سوال160:** قتل کی اقسام کے نام لکھیں۔

**جواب :** قتل کی یہ اقسام ہیں۔ قتل عمد، قتل شبہ عمد، قتل خطاء، قتل قائم مقام خطاء، قتل سبب ۔

**سوال161:** شبہ عمد کے متعلق اختلاف تحریر کریں۔

**جواب :** امام اعظم کا مؤقف ان کے نزدیک جو چیز ہتھیار یا اس کے قائم مقام نہ ہو اس سے قتل کرنا۔ صاحبین کا مؤقف ان کے نزدیک ہر چیز سے مارنا جس سے غالباً قتل نہیں کیا جاتا۔

**سوال162:** قصاص کب واجب ہوتا ہے اصول لکھیں۔

**جواب :** ہر وہ قتل جس میں ہمیشگی کے طریقے پر محفوظ خون بہے اس میں قصاص واجب ہے۔

**سوال163:** قصاص میں کون سے افراد قتل نہیں کر سکتے ؟ کوئی سے دو لکھیں۔

**جواب :** باپ کو بیٹے کے بدلے، آقا کو غلام کے بدلے۔

**سوال164:** جس رہن کا غلام قتل ہوا، تو قصاص کب واجب ہو گا؟

**جواب :** جب راہن اور مراہن جمع ہو جائیں تو قصاص واجب ہو گا۔

**سوال165:** اگر کسی نے مفصل (گٹ) سے ہاتھ کاٹا تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر کسی نے گٹ سے ہاتھ کاٹا تو بدلے میں اس کا ہاتھ کاٹا جائے گا، خواہ بڑا ہو۔

**سوال166:** قصاص کون سے نقصان میں ہے ؟

**جواب :** ہر وہ زخم جس میں مماثلت ممکن ہو اس میں قصاص ہے۔

**سوال167:** اگر قاطع کا ہاتھ شل ہے تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر قاطع کا ہاتھ شل ہو یا انگلیاں کم ہوں تو جس کا ہاتھ کاٹا گیا اس کو اختیار ہے چاہے قصاص لے یا دیت لے۔

**سوال168:** کن اعضاء کے کٹنے پر قصاص نہیں ہے ؟

**جواب :** دانت کے علاوہ جسم کی باقی ہڈیاں، زبان اور ذکر میں قصاص نہیں، ہاں مگر ذکر کے قصاص میں صرف حشفہ بنے تو کاٹ سکتے ہیں۔

**سوال169:** قصاص ساقط ہونے کی ایک صورت لکھیں۔

**جواب :** جب قصاص میں کافی ورثاء حق دار ہوں ان میں سے کوئی عوض لے کر صلح کرلے تو قصاص ساقط ہو جائے گا، بقیہ بھی اپنے حصے کی دیت لیں۔

**سوال170:** آدھی کلائی سے ہاتھ کاٹا یا پیٹ میں زخم لگایا تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** اس صورت میں قصاص نہیں کیونکہ کے برابری ممکن نہیں ہے، ہاں دیت لازم ہو گی۔

**سوال171:** اگر جماعت نے ایک کو قتل کیا تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** ساری جماعت کو قصاصاً قتل کیا جائے گا۔

**سوال172:** اگر دو آدمیوں نے ایک کا ہاتھ کاٹا تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** ان دونوں پر قصاص نہیں بلکہ نصف، نصف دیت ہو گی۔

**سوال173:** اگر کسی ایک نے دو آدمیوں کے دائیں ہاتھ کاٹے تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** اس شخص کا دائیاں ہاتھ قصاصاً کاٹا جائے گا، اور نصف دیت بھی لازم ہو گی، جو دونوں آدمی آپس میں تقسیم کریں گے۔

**سوال174:** اگر غلام نے قتل کا اقرار کیا تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** اگر غلام نے قتل عمد کا اقرار کیا تو اس سے قصاص لیا جائے گا۔

**سوال175:** اگر ایک نے جماعت کا قتل کیا تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** اگر مقتولین کے اولیاء آئے اور اس کو قتل کر دیا تو کوئی دیت وغیرہ نہیں، اگر ایک بھی ولی آیا اور قتل کر دیا تو بھی دیت نہیں، وگرنہ جتنے قتل اتنی دیتیں لازم ہیں۔

**سوال176:** مغلظہ میں کتنے اونٹ ہوتے ہیں؟

**جواب :** دیت مغلظہ میں سو اونٹ لازم ہوتے ہیں۔

**سوال177:** دیّات کا لغوی معنی کیا ہے؟

**جواب :** دیّات کا لغوی معنی خون بہانا ہے۔

**سوال178:** دیّات کا اصطلاحی معنی کیا ہے؟

**جواب :** وہ مال جو مال کے بدلے ہو دیت ہے۔

**سوال179:** شبہ عمد میں امام اعظم اور امام یوسف کے نزدیک کتنی دیت ہے؟

**جواب :** شبہ عمد میں امام اعظم اور امام یوسف کے نزدیک سو اونٹ ہیں۔

**سوال180:** اونٹ کی کتنی قسمیں ہوں گی؟

**جواب :** اونٹ کی چار قسمیں ہوں گی۔

**سوال181:** چار قسم کے اونٹ کون کون سے ہیں؟

**جواب :** ایک سال نبت مخاص، دو سال نبت لبون، تین سال، چار سال

**سوال182:** دیت مغلظہ میں کون سے جانور ہوں گے؟

**جواب :** دیت مغلظہ میں صرف اونٹ ثابت ہوں گے۔

**سوال183:** قتل خطاء میں دیت کس پر ہو گی، اور کفارہ کس پر ہو گا؟

**جواب :** قتل خطاء میں عاقلہ پر دیت اور قاتل پر کفارہ واجب ہے۔

**سوال184:** قتل خطاء میں کتنی قسم کے اونٹ دیت ہیں؟

**جواب :** قتل خطاء میں سو اونٹ ہیں۔، پانچ قسم کے، بیس بنت مخاص، بیس بنت لبوان، بیس حقے، بیس جدعے،

**سوال185:** سونے اور چاندی میں کتنی دیت ہے؟

**جواب :** سونے میں ایک ہزار دینا، اور چاندی میں دس ہزار درہم ہے۔

**سوال186:** امام اعظم اور صاحبین کے نزدیک کن کن چیزوں میں دیت ثابت ہو گی؟

**جواب :** امام اعظم کے نزدیک سونے چاندی میں، جبکہ صاحبین کے نزدیک گائے میں دو سو گائے اور بکریوں میں ایک ہزار بکریاں دیت ہو گی، اور کپڑوں میں سے دو سو کپڑے سوٹ اور ہر کپڑے میں دو کپڑے ہوں گے۔

**سوال187:** انسان کے کون کون سے جسم کے حصے میں دیت ہے؟

**جواب :** جان میں، ناک کے نرم حصے میں، انسان کی زبان میں، ذکر میں، اگر کسی کے سر پر مارا عقل چلی گئی تو دیت، داڑھی کو مونڈا نا اگی دیت ہو گی، سر کے بال کاٹے جو نہ اگے ہوں، آنکھوں کے بھنوں میں، رخساروں میں، ہاتھوں میں، پاؤں میں، کانوں میں، ہونٹوں میں، خصیتین میں، عورت کی چھاتی میں، ان میں سے ہر ایک میں آدھی دیت، آنکھوں کی پلکوں میں۔

**سوال188:** اوپر جو بھی دیت ہے، ان میں کتنا حصہ ہر ایک میں دیت کا ہو گا؟

**جواب :** ان میں سے ہر ایک میں دیت کا چوتھائی حصہ دیت ہو گا۔

**سوال189:** زخم کتنی قسم کے ہیں؟

**جواب :** زخم دس قسم کے ہیں۔

**سوال190:** دس قسم کے زخم کون کون سے ہیں لکھیں۔

**جواب :** حارصۃ، دامعہ، دامیہ، باضعہ، متلاحمہ، سمحاق، موضحہ، ھاشمہ، منقلۃ، وامۃ

**سوال191:** کون سے زخموں میں قصاص اور کون سے زخموں میں نہیں ہے؟

**جواب :** الموضحہ یعنی جس میں ہڈی مکمل کھل جائے اس میں قصاص اگر عمداً ہو، باقی میں قصاص نہیں ہے۔

**سوال192:** ان تمام قسموں میں دیت کتنی ہو گی؟

**جواب :** ھاشمہ: یں دس اونٹ، منقلۃ: میں پندرہ اونٹ، الامۃ: میں دیت کا تیسرا حصہ۔

**سوال193:** پیٹ کے زخم میں کتنی دیت ہو گی؟

**جواب :** پیٹ کے زخم میں تیسرا حصہ دیت ہو گی، اگر جائفہ آر پار ہو جائے تو دو جائفہ ہو جائیں گے، یعنیدو ثلث دیت ہو گی۔

**سوال194:** ایک دانت کی دیت کتنی ہو گی؟

**جواب :** ہر دانت میں پانچ اونٹ دیت ہو گی۔

**سوال195:** جب کسی بندے نے کسی کا ہاتھ غلطی سے کاٹا پھر قتل کر دیا غلطی سے اس کا ہاتھ صحیح ہونے سے پہلے تو اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** اس پر قتل خطاء کی دیت ہو گی، اور ہاتھ کاٹنے کی دیت ساقط ہو گی۔

**سوال196:** جب باپ نے بیٹے کو عمداً قتل کیا تو کی احکم ہو گا؟

**جواب :** اس پر دیت ہو گی، اس کے مال میں سے تین سالوں میں۔

**سوال197:** ہر وہ جنایت جس کا اعتراف جانی نے خود کیا ہو اس کو کون ادا کرے گا؟

**جواب :** وہ جانی کے مال میں سے ادا کی جائے گی۔

**سوال198:** بچے اور مجنوں کا عمد کس حکم میں ہے؟

**جواب :** بچے اور مجنوں کا عمد خطاء کے حکم میں ہے، اس میں عاقلہ پر دیت ہو گی۔

**سوال199:** جب مدبر یا ام ولد نے جرم کیا تو ضمان کون سے گا؟

**جواب :** اس کا ضمان ان کا مولیٰ دے گا، جو ان کی قیمت سے کم ہو گا۔

**سوال200:** جب دو گھڑ سوار ٹکرا گئے تو کیا حکم ہو گا؟

**جواب :** ان دونوں میں سے ہر ایک کہ عاقلہ پر دوسرے کی دیت لازم ہو گی۔

**سوال201:** جب کسی نے عورت کے بطن پر مارا اور اس کا کچا بچہ مرا ہوا گر گیا تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اس پر پانچ اونٹ ہوں گے۔

**سوال202:** شبہ عمد اور خطاء میں کفارہ کیا ہو گا؟

**جواب :** مؤمن غلام آزاد کرنا، اور جس کی قدرت نہ ہو دو مہینوں کے لگاتار روزے رکھنا۔

**سوال203:** قسامت کا لغوی معنی کیا ہے ؟

**جواب :** قسامت کا لغوی معنی قسم کھانا ہے۔

**سوال204:** قسامت کا اصطلاحی معنی کیا ہے ؟

**جواب :** اللہ کے نام کی قسم جس کا سبب عدد طریقہ مخصوص ہو۔

**سوال205:** اگر مقتول کی محلے میں ملا تو کتنے آدمیوں سے قسم لیں گے اور کس طرح لیں گے ؟

**جواب :** پچاس شخصوں سے قسم لی جائے گی، اور اس طرح کے نہ ہم نے قتل کیا ہے اور نہ ہمیں قاتل کا علم ہے۔

**سوال206:** اگر قسامت کی قسم کھانے والوں میں قسم کھانے سے کوئی انکار کر دے تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر کوئی قسم کھانے سے انکار کر دے تو اسے قید کر دیا جائے گا۔

**سوال207:** قسم کھانے میں کون سے لوگ داخل نہیں ہوں گے ؟

**جواب :** قسم کھانے میں بچہ، پاگل، عورت اور غلام داخل نہیں ہوں گے۔

**سوال208:** اگر مقتول کشتی میں ملا تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر مقتول کشتی میں ملا تو قسم ہو گی سواروں پر، اور ملاحوں پر۔

**سوال209:** اگر مقتول جامع مسجد یا بڑی سڑک پر ملا تو دیت کس پر ہو گی ؟

**جواب :** اگر مقتول مذکورہ جگہ میں ملا تو قسم نہیں ہے، اور دیت بیت المال میں سے ہو گی۔

**سوال210:** کتاب المعاقل کا لغوی معنی کیا ہے ؟

**جواب :** لغوی معنی دیت ہے۔

**سوال211:** کتاب المعاقل کا اصطلاحی معنی کیا ہے؟

**جواب :** وہ لوگ جن پر دیت واجب ہوتی ہے، اسے عاقلہ کہتے ہیں۔

**سوال212:** دیت کس قتل میں ہوتی ہے؟

**جواب :** دیت شبہ عمد اور خطاء میں ہوتی ہے۔

**سوال213:** عاقلہ کسے کہتے ہیں؟

**جواب :** قاتل کہ وہ رشتہ دار جن کا نام حکومتی رجسٹر میں لکھا جاچکا ہو۔

**سوال214:** اگر عاقلہ دیت دینے کی طاقت نہ رکھتے ہوں، تو کیا کریں؟

**جواب :** اگر عاقلہ اتنی طاقت نہیں رکھتے تو قریب والے قبائل کو ملا لیا جائے،

**سوال215:** حدود کا لغوی و اصطلاحی معنی تحریر کریں۔

**جواب :** حدود کا لغوی معنی روکنا، اور اصطلاحی تعریف جو سزا شریعت کے طور پر مقرر ہو اور اس کا اقرار بطور اللہ کے حق میں ہوتا ہے۔

**سوال216:** زنا میں آزاد اور غلام کے کتنے کوڑے ہیں؟

**جواب :** زنا میں آزاد کے لئے سو کوڑے ہیں اور غلام کے لئے پچاس کوڑے ہیں۔

**سوال217:** اگر زانی شادی شدہ ہو تو اس پر کون سی حد لگائی جائے گی؟

**جواب :** اگر زانی شادی شدہ ہو تو اسے پتھروں کے ساتھ رجم کیا جائے گا، یہاں تک کہ وہ مر جائے اور اس کو کھلی زمین میں نکالا جائے گا پتھر مارنا سب سے پہلے گواہ شروع کریں گے، پھر قاضی، پھر لوگ ماریں گے۔

**سوال218:** مولیٰ اپنے غلام پر کس کی اجازت سے حد لگا سکتا ہے؟

**جواب :** مولیٰ اپنے غلام یا لونڈی پر حد نہیں لگا سکتا، مگر قاضی کی اجازت سے لگا سکتا ہے۔

**سوال219:** اگر زانی اقرار کرنے والا ہو تو سب سے پہلے پتھر مارنا کون شروع کرے گا؟

**جواب :** اگر زانی اقرار کرنے والا ہو تو سب سے پہلے پتھر مارنا قاضی شروع کرے گا۔

**سوال220:** اگر زانی اقرار کرنے والا ہو تو اس کی نماز پڑھی جائے گی یا نہیں؟

**جواب :** اگر زانی اقرار کرنے والا ہو تو اس کو غسل دیں گے، کفن دیں گے پھر نماز پڑھائیں گے۔

**سوال221:** اقرار کرنے والے پر حد کس صورت میں ہے ؟

**جواب :** جب شراب کی بو بھی موجود ہو تو اس پر حد ہے۔

**سوال222:** جو شراب کی بو جانے کے بعد اقرار کرے کیا اس پر حد ہے ؟

**جواب :** نہیں اس پر حد نہیں ہو گی۔

**سوال223:** کیا نبیز سے نشہ کرنے والے پر حد ہے ؟

**جواب :** جی ہاں نبیز سے نشہ کرنے والے پر حد ہے۔

**سوال224:** کسی سے شراب کی بو آئے یا جس نے شراب کی قے کی کیا اس پر حد ہے ؟

**جواب :** نہیں اس پر حد نہیں ہو سکتی، کسی نے زبردستی پلا دی ہو۔

**سوال225:** کیا شرابی پر حالت نشہ میں ہی حد لگا دیں گے ؟

**جواب :** نہیں جب تک اس سے نشہ زائل نہ ہو جائے، تب تک حد نہیں لگائیں گے۔

**سوال226:** آزاد میں نشے اور شراب کی حد کتنے کوڑے ہیں ؟

**جواب :** آزاد میں اسی کوڑے حد ہیں۔

**سوال227:** غلام کی حد کتنے کوڑے ہیں ؟

**جواب :** غلام کی حد چالیس کوڑے ہیں۔

**سوال228:** جو شراب یا نشے کا اقرار کرے پھر رجوع کرے کیا اس پر حد ہے ؟

**جواب :** نہیں اس پر حد نہیں لگے گی۔

**سوال229:** شراب کی حد کتنے گواہوں سے ثابت ہوتی ہے ؟

**جواب :** دو گواہوں سے۔

**سوال230:** اگر اقرار کرے تو کتنی مرتبہ اقرار سے ثابت ہو گی ؟

**جواب :** ایک ہی مرتبہ اقرار کرنے سے ثابت ہو جائے گی۔

**سوال231:** کیا حد شراب میں مردوں کے ساتھ عورتوں کی گواہی بھی قبول ہے ؟

**جواب :** نہیں حد شراب میں عورتوں کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔

مدرسۃ المدینہ فیضان مدینہ محبوب ٹاؤن اوکاڑہ

**سوال232:** حد قذف کا لغوی معنی کیا ہے؟

**جواب :** پتھر پھینکنا، یا تہمت لگانا ہے۔

**سوال233:** حد قذف کی اصطلاحی تعریف لکھیں۔

**جواب :** کسی پاک دامن مرد یا عورت پر تہمت لگانا کہ تم نے زنا کیا یا کروایا ہے اور اسے گواہوں سے ثابت نہ سکے۔

**سوال234:** حد قذف میں آزاد کے لئے کتنے کوڑے ہیں؟

**جواب :** آزاد کے لئے اسی کوڑے ہیں۔

**سوال235:** کیا قاذف کے کپڑے اتارے جائیں گے؟

**جواب :** نہیں سوائے زائد اور موٹے کپڑوں کے۔

**سوال236:** حد قذف میں غلام کے لئے کتنے کوڑے ہیں؟

**جواب :** غلام کے لئے چالیس کوڑے ہیں۔

**سوال237:** احصان مقذوف کے لئے کیا شرائط ہیں؟

**جواب :** آزاد ہونا، بالغ ہونا، عاقل ہونا، مسلمان ہونا اور فعل زنا سے پاک ہونا۔

**سوال238:** کیا غلام اپنے مولیٰ پر حد قذف کا مطالبہ کر سکتا ہے؟

**جواب :** نہیں کر سکتے۔

**سوال239:** کوئی حد قذف کا اقرار کیا پھر رجوع کرے کیا رجوع قبول ہو گا؟

**جواب :** نہیں اس کا رجوع قبول نہیں کیا جائے گا۔

**سوال240:** کوئی عربی کو عجمی کہے کیا اس پر کوئی حد ہے؟

**جواب :** نہیں اس پر حد نہیں۔

**سوال241:** کوئی کسی کو چچا یا ماموں کی طرف منسوب کرے کیا وہ قاذف ہے؟

**جواب :** نہیں وہ قاذف نہیں ہو گا۔

**سوال242:** کیا لعان کرنے والی کے قاذف پر حد ہے؟

**جواب :** اگر بچے کے ساتھ ہو تو نہیں، اگر بچے کے بغیر ہو تو حد ہے۔

**سوال243:** جو لونڈی غلام کا یا کافر پر زنا کی تہمت لگائے کیا اس پر حد ہے؟

**جواب :** نہیں مگر اسے تعزیر کیا جائے گا۔

**سوال244:** اگر کوئی مسلمان کو گدھا یا خنزیر کہے تو کیا اسے تعزیر کیا جائے گا؟

**جواب :** نہیں اسے تعزیر نہیں کیا جائے گا۔

**سوال245:** تعزیر میں کم از کم اور زیادہ سے زیادہ کتنے کوڑے ہیں؟

**جواب :** کم از کم تین اور زیادہ سے زیادہ انتالیس کوڑے ہیں۔

**سوال246:** ابو یوسف کے نزدیک تعزیر میں کتنے کوڑے ہیں؟

**جواب :** پچھتر ہیں۔

**سوال247:** اگر کئی حدیں ہوں تو کیا ترتیب ہے؟

**جواب :** پہلے تعزیر، پھر حد زنا، پھر حد شرب، پھر حد قذف ہے۔

**سوال248:** قاضی نے حد لگائی یا تعزیر کیا بندہ مر گیا کیا حکم ہے؟

**جواب :** اس کا خون معاف ہے۔

**سوال249:** اگر کافر کو حد قذف لگائی پھر اسلام لے آیا کیا اس کی گواہی قبول ہے؟

**جواب :** جی ہاں اس کی گواہی قبول ہے۔

**سوال250:** اگر مسلمان کو حد قذف لگی اس کی گواہی کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** اس کی گواہی ساقط ہو جائے گی۔

**سوال251:** سرقت کا کیا معنی ہے؟

**جواب :** مال کو چپکے سے لینا۔

**سوال252:** قطاع الطریق کا کیا معنی ہے؟

**جواب :** راستہ کاٹنا۔

**سوال253:** جب عاقل بالغ دس درہم محفوظ جگہ سے چرائے جس میں شبہ بھی نہ ہو کیا حکم ہے؟

**جواب :** اس کا ہاتھ کاٹنا واجب ہے، چاہے غلام ہو چاہے آزاد۔

**سوال254:** کسی نے ایک بار چوری کا اقرار کیا یا دو بندوں نے گواہی دی کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اس کا بھی ہاتھ کاٹنا واجب ہے۔

**سوال255:** ایک جماعت نے مل کر چوری کی، سب کو دس دس درہم آئے، تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** سب کے ہاتھ کاٹے جائیں گے۔

**سوال256:** اگر سب کو دس دس درہم نہ آئے تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اب ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے۔

**سوال257:** حقیر چیزیں جیسے لکڑی، گھاس، کانے، مچھلی، شکار وغیرہ کا کیا حکم ہے ؟

**جواب :** ان سب چیزوں میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**سوال258:** جو چیزیں جلد خراب ہو جاتی ہیں، ان کا کیا حکم ہے ؟

**جواب :** ان میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا، جیسے تر پھل، دودھ، گوشت، تربوز وغیرہ

**سوال259:** کیا نشہ لانے والی چیز کو چرانے سے ہاتھ کاٹے جائیں گے ؟

**جواب :** نہیں ان چیزوں کے بدلے سے ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے۔

**سوال260:** کیا باجے اور مصحف شریف چرانے سے ہاتھ کاٹے جائیں گے ؟

**جواب :** نہیں اگرچہ مصحف شریف پر زیور چڑھایا گیا ہو،

**سوال261:** سونے چاندی کی صلیب، شطرنج وغیرہ چرانے کا کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اس میں بھی ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے۔

**سوال262:** کیا آزاد بچہ اگر چوری کرنے والے کے ہاتھ کاٹے جائیں گے ؟

**جواب :** نہیں اگرچہ بچے پر زیور ہو۔

**سوال263:** بڑے غلام کو چوری کرنے والے کا کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اس کے بھی ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے۔ کیونکہ یہ غصب ہے۔

**سوال264:** سرقہ کس ذریعے ثابت ہوتا ہے ؟

**جواب :** قاضی کے نزدیک سرقہ دو ذرائع کے ثابت ہوتا ہے، اقرار، شہادت۔

**سوال265:** اگر سرقہ میں ایک شریک ہو تو اس کا کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر چوری میں ایک جماعت شریک ہو اور ہر ایک کے حصہ میں دس، دس یا اس کی مالیت کا سامان ہو تو سب کے ہاتھ کاٹے جائیں گے۔

**سوال266:** اگر سرقہ میں دس درہم سے کم ہو تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر سرقہ میں دس درہم سے کم ہو تو حد جاری نہ ہو گی۔، مال کا سامان ضروری ہو گا۔

**سوال267:** کن کن چیزوں میں ہاتھ نہیں کاٹے جاتے ؟

**جواب :** جو چیزیں معمولی پائی جاتی ہوں، اور دار اسلام میں مباح ہوں مثلاً لکڑی، گھاس، نرکل، مچھلی کا شکار ان چیزوں میں ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے۔

**سوال268:** ہاتھ کاٹنے اور نہ کاٹنے کی کتنی صورتیں ہیں ؟

**جواب :** ہاتھ کاٹنے اور نہ کاٹنے کی سات صورتیں ہیں۔

**سوال269:** حفاظت کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں ؟

**جواب :** حفاظت کی دو قسمیں ہیں، حرزِ مکان، حرزِ نگہبان۔

**سوال270:** حرزِ مکان کس کو کہتے ہیں ؟

**جواب :** حرزِ مکان جیسے، گھر، دوکان، خیمہ، صندوق، جیب وغیرہ۔

**سوال271:** حرزِ نگہبان کس کو کہتے ہیں ؟

**جواب :** حرزِ نگہبان جیسے، چوکیدار کہ جس کی وجہ سے غیر محفوظ چیز بھی محفوظ بن جاتی ہے۔

**سوال272:** کسی نے گھر میں نقب لگائی اور ہاتھ ڈال کر چیز چوری کی کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر کسی نے گھر میں نقب لگائی اور ہاتھ ڈال کر چیز چوری کی تو اس کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا، بشرطیکہ وہ گھر میں داخل نہ ہو۔

**سوال273:** چور کا بائیاں ہاتھ شل ہو تو کیا اس کا دائیاں ہاتھ کاٹا جائے گا ؟

**جواب :** اگر چور کا بائیاں ہاتھ شل ہو یا کٹا ہوا ہو یا پھر دائیاں پاؤں کٹا ہوا ہو تو اس کا دائیاں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**سوال274:** مسروقہ چیز نصاب سے کم ہو تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر مسروقہ چیز نصاب سے کم ہو تو ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**سوال275:** مسروقہ چیز ہلاک ہو گئی تو کیا ضمان ہو گا ؟

**جواب :** اگر مسروقہ چیز چور کے ہاتھ سے ہلاک ہو گئی تو ضمان نہیں ہو گا۔

**سوال276:** قطع ید میں نصاب کتنا ہے؟

**جواب :** قطع ید میں نصاب دس درہم سے زیادہ ہے۔

**سوال277:** اضحیہ کے لغوی واصطلاحی معنی لکھیں۔

**جواب :** اضحیہ کا لغوی معنی قربانی کرنا، اور اس کا اصطلاحی معنی ہے مخصوص جانور کو ثواب کی نیت سے مخصوص وقت میں ذبح کرنا۔

**سوال278:** قربانی کرنا کس پر واجب ہے؟

**جواب :** قربانی کرنا ہر آزاد مسلمان مقیم مالدار پر واجب ہے، کہ وہ قربانی کرے۔

**سوال279:** کن جانوروں کی قربانی جائز نہیں ہے؟

**جواب :** اندھے، کانے، اور ایسے لنگڑے جانور کی قربانی نہ کرے جو ذبح گاہ تک نہ جاسکے، اور نہ کان کٹے ہوئے کی اور نہ دم کٹے جانور کی قربانی۔

**سوال280:** کیا کتابی قربانی کا جانور ذبح کر سکتا ہے؟

**جواب :** کتابی قربانی کا جانور ذبح کرے تو یہ مکروہ ہے۔

**سوال281:** ذبح کون کرے قربانی کا جانور؟

**جواب :** اگر قربانی دینے والا خود اچھی طرح کر سکتا ہے تو کود کرے ورنہ خود پاس موجود رہے تاکہ گناہ معاف ہوں۔

**سوال282:** غلطی سے دوسرے جانور کی قربانی ہو جانا اس میں کیا حکم ہے؟

**جواب :** اگر دو شخصوں کے بکرے اکٹھے تھے، ایک نے غلطی سے دوسرے کا بکرا ذبح کر دیا اور دوسرے نے پہلے کا بکرا ذبح کر دیا تو کوئی بھی ایک دوسرے کی طرف سے ضامن نہ ہوگا، لیکن قربانی درست ہے۔

**سوال283:** الایمان کا لغوی واصطلاحی معنی لکھیں۔

**جواب :** ایمان کا لغوی معنی دائیاں ہاتھ اور اس کا اصطلاحی معنی یہ ہے کہ کسی چیز کو مضبوط اور مؤکد کرنا اللہ پاک کا نام یا اس کی صفت میں سے کسی صفت کو ذکر کرنا ایمان ہے۔

**سوال284:** ایمان کی کتنی اور کون کون سے اقسام ہیں؟

**جواب :** ایمان کی تین قسمیں ہیں، یمین غموس، یمین منعقدہ، یمین لغو۔

**سوال285:** یمین غموس کسے کہتے ہیں؟

**جواب :** کسی ایسے کام پر قسم کھانا ہے کہ جس میں قصداً جھوٹ بول رہا ہو تو اس قسم کی وجہ سے صاحب قسم گناہگار تو ہوتا ہے، مگر اس میں کفارہ نہیں۔

**سوال286:** یمین منعقدہ سے کیا مراد ہے؟

**جواب :** یمین منعقدہ وہ قسم ہے کہ آئندہ کسی کام پر کہ اس کو کرے گا یا نہیں کرے گا پس جب اس میں حانث ہو جائے تو کفارہ لازم ہو گا۔

**سوال287:** یمین لغو کی تعریف بیان کریں۔

**جواب :** ماضی یا حال کے کسی امر پر اپنے گمان میں سچی قسم کھانا حالانکہ حقیقت میں وہ جھوٹ ہو یوں ہی ماضی یا حال میں بلا قصد بات پر قسم کھانا۔

**سوال288:** قسم کا کفارہ کیا ہے؟

**جواب :** قسم کا کفارہ ایک غلام آزاد کرنا ہے، یا دس مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے، کپڑے پہنانا ہے، اگر یہ کام نہ ہو پائے مسلسل تین دن کے روزے رکھے۔

**سوال289:** اگر میں ایسا کروں تو میں یہودی، نصرانی، مشرک، کافر یا مجوسی تو وہ کیا ہو گا؟

**جواب :** اگر وہ ایسا کرے تو قسم اٹھانے والا ہو گا۔

**سوال290:** اگر کوئی کہتا ہے کہ میں ایسا کروں تو مجھ پر اللہ کا غضب یا اللہ کی ناراضی ہو یا میں زنا کرنے والا ہوں تو کیا ہو گا؟

**جواب :** اگر وہ ایسا کہے تو قسم اٹھانے والا نہیں ہو گا۔

**سوال291:** قسم کا کفارے روزوں کے ذریعے کب ادا کر سکتے ہیں؟

**جواب :** جب بندہ غلام آزاد کرنے، مسکین کو کھانا کھلانے پر قدرنہ رکھتا ہو اس وقت تین لگاتار روزے رکھ سکتا ہے۔

**سوال292:** اگر کسی نے مقدم کر دیا قسم پر کفارے کو تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** اگر کسی نے مقدم کر دیا قسم پر کفارے کو تو کفارہ نہیں ہو گا۔

**سوال293:** اگر کسی نے قسم اٹھائی گناہ پر یہ کہ کہتا ہے میں نماز نہیں پڑھوں گا، باپ سے کلام نہیں کروں گا تو مناسب کیا ہے؟

**جواب :** مناسب یہ ہے کہ قسم توڑ دے اور قسم کا کفارہ دے۔

**سوال294:** جب کافر نے حالت کفر میں قسم اٹھائی پھر بعد میں اسلام لے آیا تو اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** اگر کافر اسلام لے آیا تو اس پر کوئی کفارہ نہیں ہے۔

**سوال295:** اگر کسی نے اپنے اوپر ہر چیز حرام کر لی تو اس کو کس چیز پر محمول کیا جائے گا؟

**جواب :** صرف اس کو کھانے پینے پر محمول کیا جائے گا۔

**سوال296:** جب کسی نے مطلقاً منت مانی تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** جس اس نے مطلقاً منت مانی تو وہ اس منت کو پورا کرے گا۔

**سوال297:** جب کسی نے منت کو شرط کے ساتھ معلق کیا تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** جب شرط پائی جائے گی تو منت پوری کرنا ہو گی۔

**سوال298:** اگر کوئی کہے کہ میں ایسا کروں تو مجھ پر حجت ہے یا ایک سال کے روزے ہیں تو کیا حکم ہو گا؟

**جواب :** اگر ایسی قسم اٹھائی تو اس کا کفارہ دے گا۔

**سوال299:** جب کسی نے قسم اٹھائی کہ وہ کلام نہیں کرے گا سبز چادر والے سے تو اس نے اس چادر کو بیچ دیا تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** پھر اس مرد نے اس بندے سے کلام کیا تو حانث ہو جائے گا، کیونکہ اس نے قسم اٹھائی تھی کہ وہ سبز چادر والے سے کلام نہیں کرے گا۔

**سوال300:** اگر کسی نے قسم کھائی کہ اس گندم سے نہیں کھاؤں گا، اگر روٹی سے کھایا تو حانث ہو گا یا نہیں ؟

**جواب :** اگر کسی نے قسم کھائی کہ اس گندم سے نہیں کھاؤں گا تو اس نے روٹی سے کھالیا تو حانث نہیں ہو گا۔

**سوال301:** اگر کسی نے قسم کھائی فلاں کے جانور پر سوار نہیں ہوں گا پھر اگر اس نے اس کے غلام کی سواری پر سفر کیا تو حانث ہو گا؟

**جواب :** اگر اس نے اس کے غلام کی سواری پر سفر کیا تو حانث نہیں ہو گا۔

**سوال302:** اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ چارپائی پر نہیں بیٹھے گا تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ چارپائی پر نہیں بیٹھے گا اگر بیٹھ گیا تو حانث ہو جائے گا۔

**سوال303:** اگر کسی نے قسم کھائی کہ کچھ دن کلام نہیں کروں گا تو امام اعظم کے نزدیک کتنے اور صاحبین کے نزدیک کتنے دن ہونگے ؟

**جواب :** اگر کسی نے قسم کھائی کہ کچھ دن کلام نہیں کروں گا تو امام اعظم کے نزدیک دس دن اور صاحبین کے نزدیک ایک ہفتہ ہو گا۔

**سوال304:** اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ مہینوں سے کلام نہیں کروں گا تو امام اعظم کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ مہینوں سے کلام نہیں کروں گا تو امام اعظم کے نزدیک دس مہینے اور صاحبین کے نزدیک پورا سال ہو گا۔

**سوال305:** اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ ناشتہ نہیں کرے گا، تو ناشتہ کب تک کر سکتا ہے ؟

**جواب :** تو وہ ناشتہ طلوع فجر سے ظہر تک ہو گا۔

**سوال306:** اگر کسی نے قسم کھائی کہ رہائش نہیں کرے گا اس گھر میں بذات خود نکل گیا تو کیا حکم ہو گا؟

**جواب :** اگر کسی کا سامان گھر میں اور اس کے بیوی بچے اس گھر میں ہوں تو وہ اپنی قسم سے حانث ہو جائیں گے۔

**سوال307:** اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ آسمان پر چڑھ جائے گا تو کیا حکم ہے ؟

**جواب :** اگر کسی نے قسم کھائی کہ وہ آسمان پر چڑھ جائے گا یا پھر کسی کو قتل کر دے گا تو فوراً حانث ہو جائے گا۔

**سوال308:** دعویٰ کا لغوی معنی کیا ہے؟

**جواب:** اس قول کا نام ہے جس کے ذریعے انسان دوسرے پر حق واجب کرنے کا ارادہ کرتا ہے۔

**سوال309:** دعویٰ کا اصطلاحی معنی کیا ہے؟

**جواب:** جھگڑتے وقت کسی چیز کو اپنی طرف منسوب کرنا۔

**سوال310:** مدعی کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** مدعی وہ شخص ہے جو جھگڑے کو چھوڑ دے اور اس کو جھگڑے پر مجبور بھی نہ کیا گیا ہو۔

**سوال311:** مدعی علیہ کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** وہ شخص جو جھگڑے پر مجبور کیا جائے اسے مدعی علیہ کہتے ہیں۔

**سوال312:** کس وقت تک دعویٰ قبول نہیں کیا جائے گا؟

**جواب:** اس وقت تک کہ مدعی اس چیز کی قدر اور جنس معلوم کو ذکر نہ کر دے۔

**سوال313:** قاضی مدعی علیہ سے دعویٰ سے متعلق سوال کب کرے گا؟

**جواب:** دعویٰ اگر صحیح ہو تو قاضی دعوی کے متعلق سوال کرے گا۔

**سوال314:** کس صورت میں مدعی علیہ سے قسم نہیں لی جائے گی؟

**جواب:** اگر مدعی علیہ کہے کہ گواہ موجود ہیں تو قسم نہیں لی جائے گی۔

**سوال315:** مدعی سے کتنی چیزوں میں قسم نہیں لی جائے گی؟

**جواب:** مدعی سے نو چیزوں میں قسم نہیں لی جائی گی۔

**سوال316:** وہ کون سی نو چیزیں ہیں جن میں مدعی سے قسم نہیں لی جائے گی؟

**جواب:** نکاح، رجعت، ایلاء، رجوع، غلامی، ام ولد، نسب، اولاد، حدود اور لعان میں قسم نہیں لی جائے گی۔

**سوال317:** اگر دو مدعی دعویٰ کریں ایک ہی عورت سے نکاح کا تو اس صورت میں کیا کیا جائے گا؟

**جواب:** اس عورت سے پوچھا جائے گا کہ وہ کس کی بیوی ہے وہ جس کا کہے تو وہی اس کا شوہر ہو گا۔

**سوال318:** کن دو چیزوں میں قسم نہیں کی جائے گی؟

**جواب:** طلاق، اور عتاق میں قسم نہیں لی جائے گی۔

**سوال319:** کیا کافروں کے عبادت خانوں میں قسم کھا سکتے ہیں؟

**جواب :** کافروں کے عبادت خانوں میں قسم نہیں کھا سکتے۔

**سوال320:** کیا مسلمان پر زمان یا مکان کے ساتھ قسم پکا کر سکتے ہیں؟

**جواب :** مسلمان پر زمان یا مکان کے ساتھ قسم پکا کرنا واجب نہیں ہے۔

**سوال321:** جو دعویٰ کرے کہ بائع نے مجھے یہ غلام ایک ہزار کے بدلے بیچا اور اس میں جھگڑا ہو جائے تو قسم کا کیا طریقہ ہے؟

**جواب :** وہ قسم کھائے کہ ہم دونوں کے درمیان ان معاملے میں بیع قائم نہیں ہے اور یہ قسم نہ کھائے کہ میں اسے نہیں بیچا۔

**سوال322:** جب دو بندوں میں ایک جانور میں جھگڑا ہو جائے تو اس کی قسم کا کیا طریقہ ہے؟

**جواب :** ان دونوں میں سے ہر ایک گواہی قائم کرے کہ وہ جانور اس کے یہاں پیدا ہوا ہے اور دونوں جانور کی عمر اور تاریخ بیان کریں، جس کی تاریخ جانور کے موافق ہو وہ اولیٰ ہے۔

**سوال323:** دو بندے ایک قمیض میں جھگڑا کریں ایک اس کو پہنے ہوئے ہے اور دوسرا اس کی آستین پکڑے ہوئے ہیں تو قمیض کس کی ہو گی؟

**جواب :** جس نے پہنا ہوا ہے قمیض اس کی ہو گی۔

**سوال324:** مبیع ہلاک ہو جائے پھر ثمن میں دونوں کا اختلاف ہو جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** ان پر قسم نہیں ہو گی امام اعظم اور امام یوسف کے نزدیک۔

**سوال325:** اگر دو غلام ہوں ایک ہلاک ہو جائے پھر بائع اور مشتری میں اختلاف ہو تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** ان دونوں پر قسم نہیں، امام اعظم کے نزدیک، اور مشتری کا قول قسم کے ساتھ معتبر ہے مگر یہ کہ بائع جھگڑے کو چھوڑنے پر راضی ہو جائے ہلاکت کے حصے میں۔

**سوال326:** اجارہ میں اختلاف ہو تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** اگر عقود کے پورا ہونے سے پہلے ہو تو دونوں پر قسم ہے اور اگر عقود پورا ہونے کے بعد اختلاف ہوا تو اب دونوں پر قسم نہیں۔

**سوال327:** جب زوجین نے گھر کے سامان میں اختلاف کیا تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** جو مرد کے استعمال میں ہے وہ مرد کے اور جو عورت کے استعمال میں ہیں وہ عورت کے ہیں۔

**سوال328:** اگر کسی مرد نے لونڈی کو بیچا اور لونڈی بچے کے ساتھ آئی تو بچہ کس کا ہو گا؟

**جواب :** اگر چھ ماہ سے کم کا بچہ ہو تو بائع کا ہو گا اور اگر چھ ماہ سے زیادہ کا ہو گا تو مشتری کا ہو گا۔

**سوال329:** شہادت کا لغوی معنیٰ کیا ہے؟

**جواب :** شہادت کا لغوی معنیٰ گواہی دینا ہے۔

**سوال330:** شہادت کا اصطلاحی معنیٰ کیا ہے؟

**جواب :** کسی کا حق ثابت کرنے کے لئے قاضی کی مجلس میں لفظ شہادت کے ساتھ سچی بات کی خبر دینا۔

**سوال331:** گواہی دینا کیا ہے؟

**جواب :** گواہی دینا فرض ہے جب گواہی مانگی جائے۔

**سوال332:** کیا حقوق اللہ کی گواہی دینا واجب ہے؟

**جواب :** حقوق اللہ کی گواہی میں بندے کو اختیار ہے۔

**سوال333:** حقوق العباد کی گواہی دینا کیا ہے؟

**جواب :** حقوق العباد کی گواہی دینا لازمی ہے جب بندے کو پتا ہو تو۔

**سوال334:** زنا میں کتنے گواہوں کا اعتبار کیا جائے گا؟

**جواب :** زنا میں چار مردوں کی گواہی قبول کی جائے گی اور عورتوں کا اعتبار نہیں کیا جائے گا۔

**سوال335:** حدود اور قصاص میں کتنے بندوں کی گواہی قبول کی جائے گی؟

**جواب :** حدود اور قصاص میں دو بندوں کی گواہی کا اعتبار کیا جائے گا۔

**سوال336:** کیا طلاق، وصیت اور وکالت میں مردوں کے ساتھ عورت کی گواہی قبول کی جائے گی؟

**جواب :** جی ہاں طلاق، وصیت اور وکالت میں مردوں کے ساتھ عورت کی گواہی قبول کی جائے گی۔

**سوال337:** کیا لفظ شہادت کے بغیر گواہی قبول کی جائے گی؟

**جواب :** جی نہیں گواہی میں لفظ شہادت کہنا ضروری ہے۔

**سوال338:** کن کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی؟

**جواب :** اندھے کی، غلام کی، اور محدود فی القذف کی گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔

**سوال339:** مولیٰ کی اپنے غلام کے حق میں اور ایک شریک کی دوسرے شریک کے حق میں گواہی قبول ہو گی یا نہیں؟

**جواب :** مولیٰ کی اپنے غلام کے حق میں اور ایک شریک کی دوسرے شریک کے حق میں گواہی قبول نہیں کی جائے گی۔

**سوال340:** مرد کی اپنے بھائی کے حق میں گواہی قبول ہے؟

**جواب:** جی ہاں مرد کی اپنے بھائی کے حق میں گواہی قبول ہے۔

**سوال341:** کیا ذمی کی گواہی ذمی کے حق میں قبول کی جائے گی؟

**جواب:** جی ہاں ذمی کی گواہی ذمی کے حق میں قبول کی جائے گی۔

**سوال342:** کیا خنثیٰ کی شہادت جائز ہے؟

**جواب:** جی ہاں خنثیٰ کی شہادت جائز ہے۔

**سوال343:** اگر گواہی سے رجوع کیا تو کیا حکم ہے؟

**جواب:** اگر قاضی کی مجلس میں حکم لگنے سے پہلے رجوع کیا تو گواہ پر ضمان نہیں بعد میں ضمان ہو گا۔

**سوال344:** اگر دو گواہوں میں سے ایک گواہ نے رجوع کیا تو کتنا ضمان ہو گا؟

**جواب:** اگر ایک رجوع کرے تو نصف ضمان ہو گا۔

**سوال345:** اگر گواہ میں ایک مرد اور دس عورتیں ہوں تو سب رجوع لیں آئیں تو کتنا ضمان ہو گا؟

**جواب:** امام اعظم کے نزدیک مرد پر سدس ضمان ہو گا، بقیہ ضمان عورتوں پر ہو گا، جبکہ صاحبین کے نزدیک نصف مرد پر، نصف عورتوں پر۔

**سوال346:** اگر تین گواہوں نے گواہی دی ان میں سے ایک نے رجوع کیا تو کیا حکم ہے؟

**جواب:** اگر تین گواہوں میں سے ایک نے رجوع کیا تو اس ایک پر ضمان نہیں ہو گا، اگر دو نے کیا تو ان دو پر نصف ضمان ہو گا۔

**سوال347:** اکراہ کا لغوی معنی کیا ہے؟

**جواب:** اکراہ کا لغوی معنی زبردستی کرنا یا مجبور کرنا ہے۔

**سوال348:** اکراہ کی تعریف لکھیں۔

**جواب:** وہ فعل جو آدمی دوسرے کی وجہ سے اس طرح کرے کہ اس کی رضامندی اور اختیار جاتا رہے۔

**سوال349:** اکراہ کا حکم کب ثابت ہو گا؟

**جواب:** جب دھمکی دینے والا اس بات پر قادر ہو کہ جو اس نے دھمکی دی ہے وہ واقع میں کر دے گا اکراہ کا حکم ثابت ہو جائے گا۔

**سوال350:** اگر کسی نے اللہ کا انکار کرنے کی دھمکی دی تو کیا حکم ہے؟

**جواب:** اگر دھمکی جان یا عضو کے تلف کی ہے تو بظاہر میں انکار کر دے جبکہ اس کا دل مطمئن ہو۔

**سوال351:** شراب پینے پر مجبور کیا گیا تو اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** اگر جان یا عضو کے تلف ہونے کا خطرہ ہے تو اجازت ہے ورنہ شراب پینا حرام ہے۔

**سوال352:** جب کسی کو قتل کرنے پر مجبور کیا گیا تو کیا حکم ہے؟

**جواب :** جب کسی کو قتل کرنے پر مجبور کیا گیا تو کسی بھی صورت میں قتل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**سوال353:** اگر مجبوراً قتل کیا تو قصاص کس پر ہو گا؟

**جواب :** مجبوراً قتل کروانے والے پر قصاص ہو گا۔، اگر قتل عمد ہو گا۔

**سوال354:** جب عورت کو زنا کرنے پر مجبور کیا گیا تو اس کے بارے میں اختلاف لکھیں۔

**جواب:** امام اعظم کے نزدیک یہ لازم ہو گی جبکہ مجبور کرنے والا سلطان نہ ہو، صاحبین کے نزدیک یہ لازم نہیں۔

**سوال355:** حظر والاباحۃ کا لغوی معنی کیا ہے؟

**جواب :** حظر کا لغوی معنی ہے منع کرنا اور اباحت کا لغوی معنی مباح قرار دینا ہے۔

**سوال356:** مرد کے لئے ریشم کا تختہ استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** امام اعظم کے نزدیک کوئی حرج نہیں جبکی صاحبین فرماتے ہیں یہ مکروہ ہے۔

**سوال357:** مرد کے لئے ریشم کب پہننا جائز ہے؟

**جواب :** جب کپڑے کا تانا ریشم کا ہو اور بانا روئی کا، یا اون کا ہو تو مرد کے لئے اس طرح کا کپڑا ریشم کے باوجود جائز ہے۔

**سوال358:** جنگ میں حدید پہننے کا کیا حکم ہے؟

**جواب :** صاحبین کے نزدیک کوئی حرج نہیں جبکہ امام اعظم فرماتے ہیں مکروہ ہے۔

**سوال359:** کیا بچہ سونے کے کپڑے پہن سکتا ہے؟

**جواب :** بچے کے لئے سونے کے کپڑے پہننا مکروہ ہے۔

**سوال360:** کیا سونے کے برتن میں کھا پی سکتے ہیں؟

**جواب :** سونے کے برتن میں کھانا پینا جائز نہیں ہے۔